القرآن الکریم

مسمّٰی باسم تاریخی ۱۳۳۰ھ

# کنز الایمان فی ترجمۃ القرآن

ترجمہ: اعلیٰ حضرت عظیم البرکت امام احمد رضا قادری علیہ الرحمۃ

# پارہ (۱۳)

اِنَّ الدِّیْنَ عِنْدَ اللّٰہِ الْاِسْلَام
الاسلامی
AL ISLAMI.NET

الاسلامی.نیٹ
www.AL ISLAMI.NET

الثلث جزء ثالث عشر ۱۳

وَمَآ اُبَرِّئُ نَفۡسِيۡ ۚ اِنَّ النَّفۡسَ لَاَمَّارَةٌۢ بِالسُّوۡٓءِ اِلَّا

اور میں اپنے نفس کو بے قصور نہیں بتاتا ف۱ بیشک نفس تو برائی کا بڑا حکم دینے والا ہے مگر

مَا رَحِمَ رَبِّيۡ ؕ اِنَّ رَبِّيۡ غَفُوۡرٌ رَّحِيۡمٌ ﴿۵۳﴾ وَقَالَ الۡمَلِكُ ائۡتُوۡنِيۡ

جس پر میرا رب رحم کرے ف۲ بیشک میرا رب بخشنے والا مہربان ہے ف۳ اور بادشاہ بولا انہیں میرے پاس

بِهٖۤ اَسۡتَخۡلِصۡهُ لِنَفۡسِيۡ ۚ فَلَمَّا كَلَّمَهٗ قَالَ اِنَّكَ الۡيَوۡمَ لَدَيۡنَا

لے آؤ کہ میں انہیں خاص اپنے لیے چن لوں ف۴ پھر جب اس سے بات کی کہا بیشک آج آپ ہمارے یہاں معزز

مَكِيۡنٌ اَمِيۡنٌ ﴿۵۴﴾ قَالَ اجۡعَلۡنِيۡ عَلٰى خَزَآئِنِ الۡاَرۡضِ ۚ اِنِّيۡ حَفِيۡظٌ

معتمد ہیں ف۵ یوسف نے کہا مجھے زمین کے خزانوں پر کردے بیشک میں حفاظت والا

عَلِيۡمٌ ﴿۵۵﴾ وَكَذٰلِكَ مَكَّنَّا لِيُوۡسُفَ فِى الۡاَرۡضِ ۚ يَتَبَوَّاُ مِنۡهَا

علم والا ہوں ف۶ اور یوں ہی ہم نے یوسف کو اس ملک پر قدرت بخشی اس میں جہاں چاہے رہے

حَيۡثُ يَشَآءُ ؕ نُصِيۡبُ بِرَحۡمَتِنَا مَنۡ نَّشَآءُ وَلَا نُضِيۡعُ اَجۡرَ

ف۷ ہم اپنی رحمت ف۸ جسے چاہیں پہنچائیں اور ہم نیکوں کا نیگ

ع ۸ الۡمُحۡسِنِيۡنَ ﴿۵۶﴾ وَلَاَجۡرُ الۡاٰخِرَةِ خَيۡرٌ لِّلَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا وَكَانُوۡا يَتَّقُوۡنَ ﴿۵۷﴾

ضائع نہیں کرتے اور بیشک آخرت کا ثواب ان کے لیے بہتر جو ایمان لائے اور پرہیزگار رہے ف۹

وَجَآءَ اِخۡوَةُ يُوۡسُفَ فَدَخَلُوۡا عَلَيۡهِ فَعَرَفَهُمۡ وَهُمۡ لَهٗ

اور یوسف کے بھائی آئے تو اس کے پاس حاضر ہوئے تو یوسف نے انہیں ف۱۰ پہچان لیا اور وہ

مُنۡكِرُوۡنَ ﴿۵۸﴾ وَلَمَّا جَهَّزَهُمۡ بِجَهَازِهِمۡ قَالَ ائۡتُوۡنِيۡ بِاَخٍ لَّكُمۡ مِّنۡ

اس سے انجان رہے ف۱۱ اور جب ان کا سامان مہیا کر دیا ف۱۲ کہا اپنا سوتیلا بھائی ف۱۳ میرے پاس لے آؤ

اَبِيۡكُمۡ ۚ اَلَا تَرَوۡنَ اَنِّيۡۤ اُوۡفِى الۡكَيۡلَ وَاَنَا خَيۡرُ الۡمُنۡزِلِيۡنَ ﴿۵۹﴾

کیا نہیں دیکھتے کہ میں پورا ماپتا ہوں ف۱۴ اور میں سب سے بہتر مہمان نواز ہوں

فَاِنۡ لَّمۡ تَاۡتُوۡنِيۡ بِهٖ فَلَا كَيۡلَ لَـكُمۡ عِنۡدِىۡ وَلَا تَقۡرَبُوۡنِ ﴿۶۰﴾

پھر اگر اسے لیکر میرے پاس نہ آؤ تو تمہارے لیے میرے یہاں ماپ نہیں اور میرے پاس نہ پھٹکنا

قَالُوۡا سَنُرَاوِدُ عَنۡهُ اَبَاهُ وَاِنَّا لَفٰعِلُوۡنَ ﴿۶۱﴾ وَقَالَ لِفِتۡيٰنِهِ اجۡعَلُوۡا

بولے ہم اس کی خواہش کریں گے اس کے باپ سے اور ہمیں یہ ضرور کرنا اور یوسف نے اپنے غلاموں سے کہا ان کی پونجی



https://alislami.net

بِضَاعَتَهُمْ فِي رِحَالِهِمْ لَعَلَّهُمْ يَعْرِفُونَهَا إِذَا انْقَلَبُوا إِلَىٰ أَهْلِهِمْ

ان کی خورجیوں میں رکھدو ف شاید وہ اسے پہچانیں جب اپنے گھر کی طرف لوٹ کر جائیں ف

لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُونَ ۶۲ فَلَمَّا رَجَعُوا إِلَىٰ أَبِيهِمْ قَالُوا يَا أَبَانَا مُنِعَ مِنَّا

شاید وہ واپس آئیں پھر جب وہ اپنے باپ کی طرف لوٹ کر گئے ف بولے اے ہمارے باپ ہم سے غلہ

الْكَيْلُ فَأَرْسِلْ مَعَنَا أَخَانَا نَكْتَلْ وَإِنَّا لَهُ لَحَافِظُونَ ۶۳ قَالَ

روک دیا گیا ہے ف تو ہمارے بھائی کو ہمارے ساتھ بھیج دیجیے کہ غلہ لائیں اور ہم ضرور اسکی حفاظت کرینگے کہا کیا

هَلْ آمَنُكُمْ عَلَيْهِ إِلَّا كَمَا أَمِنْتُكُمْ عَلَىٰ أَخِيهِ مِنْ قَبْلُ فَاللَّهُ

اس کے بارے میں تم پر ویسا ہی اعتبار کرلوں جیسا پہلے اسکے بھائی کے بارے میں کیا تھا ف تو اللہ

خَيْرٌ حَافِظًا وَهُوَ أَرْحَمُ الرَّاحِمِينَ ۶۴ وَلَمَّا فَتَحُوا مَتَاعَهُمْ وَجَدُوا

سب سے بہتر نگہبان اور وہ ہر مہربان سے بڑھکر مہربان اور جب انہوں نے اپنا اسباب کھولا اپنی پونجی پائی

بِضَاعَتَهُمْ رُدَّتْ إِلَيْهِمْ قَالُوا يَا أَبَانَا مَا نَبْغِي هَٰذِهِ بِضَاعَتُنَا

کہ ان کو پھیر دی گئی ہے بولے اے ہمارے باپ اب ہم اور کیا چاہیں یہ ہے ہماری پونجی کہ ہمیں

رُدَّتْ إِلَيْنَا وَنَمِيرُ أَهْلَنَا وَنَحْفَظُ أَخَانَا وَنَزْدَادُ كَيْلَ بَعِيرٍ

واپس کر دی گئی اور ہم اپنے گھر کے لیے غلہ لائیں اور اپنے بھائی کی حفاظت کریں اور ایک اونٹ کا بوجھ اور زیادہ پائیں

ذَٰلِكَ كَيْلٌ يَسِيرٌ ۶۵ قَالَ لَنْ أُرْسِلَهُ مَعَكُمْ حَتَّىٰ تُؤْتُونِ مَوْثِقًا

یہ دینا بادشاہ کے سامنے کچھ نہیں ف کہا میں ہرگز اسے تمہارے ساتھ نہ بھیجونگا جب تک تم مجھے اللہ کا یہ عہد نہ دیدو ف

مِنَ اللَّهِ لَتَأْتُنَّنِي بِهِ إِلَّا أَنْ يُحَاطَ بِكُمْ فَلَمَّا آتَوْهُ مَوْثِقَهُمْ

کہ ضرور اسے لیکر آؤگے مگر یہ کہ تم گھر جاؤ ف پھر جب انہوں نے یعقوب کو عہد دیدیا

قَالَ اللَّهُ عَلَىٰ مَا نَقُولُ وَكِيلٌ ۶۶ وَقَالَ يَا بَنِيَّ لَا تَدْخُلُوا مِنْ

کہا ف اللہ کا ذمہ ہے ان باتوں پر جو ہم کہہ رہے ہیں اور کہا اے میرے بیٹو ف۱۰ ایک دروازے سے نہ داخل

بَابٍ وَاحِدٍ وَادْخُلُوا مِنْ أَبْوَابٍ مُتَفَرِّقَةٍ وَمَا أُغْنِي عَنْكُمْ

ہونا اور جدا جدا دروازوں سے جانا ف۱۱ میں تمہیں اللہ سے

مِنَ اللَّهِ مِنْ شَيْءٍ إِنِ الْحُكْمُ إِلَّا لِلَّهِ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَعَلَيْهِ

بچا نہیں سکتا ف۱۲ حکم تو سب اللہ ہی کا ہے میں نے اسی پر بھروسا کیا اور بھروسا



https://alislami.net

فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُتَوَكِّلُوْنَ ﴿٦٧﴾ وَلَمَّا دَخَلُوْا مِنْ حَيْثُ اَمَرَهُمْ

کرنے والوں کو اسی پر بھروسا چاہیے اور جب وہ داخل ہوئے جہاں سے اُن کے باپ نے حکم دیا تھا

اَبُوْهُمْ ؕ مَا كَانَ يُغْنِيْ عَنْهُمْ مِّنَ اللّٰهِ مِنْ شَيْءٍ اِلَّا حَاجَةً فِيْ نَفْسِ

وہ کچھ اُنھیں اللہ سے بچا نہ سکتا ہاں یعقوب کے جی کی ایک خواہش تھی ف۱

يَعْقُوْبَ قَضٰىهَا ؕ وَاِنَّهٗ لَذُوْ عِلْمٍ لِّمَا عَلَّمْنٰهُ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ

جو اُس نے پوری کر لی اور بیشک وہ صاحب علم ہے ہمارے سکھائے سے مگر اکثر لوگ نہیں جانتے

ع ۸ ۲

لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿٦٨﴾ وَلَمَّا دَخَلُوْا عَلٰى يُوْسُفَ اٰوٰۤى اِلَيْهِ اَخَاهُ قَالَ اِنِّيْۤ

ف۲ اور جب وہ یوسف کے پاس گئے ف۳ اسنے اپنے بھائی کو اپنے پاس جگہ دی ف۴ کہا یقین

اَنَا اَخُوْكَ فَلَا تَبْتَىٕسْ بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿٦٩﴾ فَلَمَّا جَهَّزَهُمْ بِجَهَازِهِمْ

جان میں ہی تیرا بھائی ف۵ ہوں تو یہ جو کچھ کرتے ہیں اسکا غم نہ کھا ف۶ پھر جب اُنکا سامان مہیا کر دیا ف

جَعَلَ السِّقَايَةَ فِيْ رَحْلِ اَخِيْهِ ثُمَّ اَذَّنَ مُؤَذِّنٌ اَيَّتُهَا الْعِيْرُ

پیالہ اپنے بھائی کے کجاوے میں رکھ دیا ف۸ پھر ایک منادی نے ندا کی اے قافلہ والو بیشک

اِنَّكُمْ لَسٰرِقُوْنَ ﴿٧٠﴾ قَالُوْا وَاَقْبَلُوْا عَلَيْهِمْ مَّاذَا تَفْقِدُوْنَ ﴿٧١﴾

تم چور ہو بولے اور اُن کی طرف متوجہ ہوئے تم کیا نہیں پاتے؟

قَالُوْا نَفْقِدُ صُوَاعَ الْمَلِكِ وَلِمَنْ جَآءَ بِهٖ حِمْلُ بَعِيْرٍ وَّاَنَا بِهٖ

بولے بادشاہ کا پیمانہ نہیں ملتا اور جو اسے لائے گا اُس کے لیے ایک اونٹ کا بوجھ ہے اور میں

زَعِيْمٌ ﴿٧٢﴾ قَالُوْا تَاللّٰهِ لَقَدْ عَلِمْتُمْ مَّا جِئْنَا لِنُفْسِدَ فِي الْاَرْضِ

اسکا ضامن ہوں بولے خدا کی قسم تمھیں خوب معلوم ہے کہ ہم زمین میں فساد کرنے نہ آئے

وَمَا كُنَّا سٰرِقِيْنَ ﴿٧٣﴾ قَالُوْا فَمَا جَزَآؤُهٗۤ اِنْ كُنْتُمْ كٰذِبِيْنَ ﴿٧٤﴾

اور نہ ہم چور ف۹ بولے پھر کیا سزا ہے اس کی اگر تم جھوٹے ہو

قَالُوْا جَزَآؤُهٗ مَنْ وُّجِدَ فِيْ رَحْلِهٖ فَهُوَ جَزَآؤُهٗ ؕ كَذٰلِكَ نَجْزِي

بولے اس کی سزا یہ ہے کہ جسکے اسباب میں ملے وہی اس کے بدلے میں غلام بنے ف۱۰ ہمارے یہاں

الظّٰلِمِيْنَ ﴿٧٥﴾ فَبَدَاَ بِاَوْعِيَتِهِمْ قَبْلَ وِعَآءِ اَخِيْهِ ثُمَّ اسْتَخْرَجَهَا

ظالموں کی یہی سزا ہے ف۱۱ تو اول اُنکی خرجیوں سے تلاشی شروع کی اپنے بھائی ف۱۲ کی خرجی سے پہلے پھر اُسے اپنے



https://alislami.net

مِنْ وِّعَآءِ اَخِيْهِ ؕ كَذٰلِكَ كِدْنَا لِيُوْسُفَ ؕ مَا كَانَ لِيَاْخُذَ اَخَاهُ

بھائی کی خرجی سے نکال لیا ف۱ ہم نے یوسف کو یہی تدبیر بتائی ف۲ بادشاہی قانون میں اسے نہیں پہنچتا تھا

فِيْ دِيْنِ الْمَلِكِ اِلَّآ اَنْ يَّشَآءَ اللّٰهُ ؕ نَرْفَعُ دَرَجٰتٍ مَّنْ نَّشَآءُ ؕ

کہ اپنے بھائی کو لے لے ف۳ مگر یہ کہ خدا چاہے ف۴ ہم جسے چاہیں درجوں بلند کریں ف۵

وَفَوْقَ كُلِّ ذِيْ عِلْمٍ عَلِيْمٌ ﴿۷۶﴾ قَالُوْٓا اِنْ يَّسْرِقْ فَقَدْ سَرَقَ اَخٌ لَّهٗ

اور ہر علم والے سے اوپر ایک علم والا ہے ف۶ بھائی بولے اگر یہ چوری کرے ف۷ تو بیشک اس سے پہلے اسکا بھائی

مِنْ قَبْلُ ۚ فَاَسَرَّهَا يُوْسُفُ فِيْ نَفْسِهٖ وَلَمْ يُبْدِهَا لَهُمْ ۚ قَالَ

چوری کرچکا ہے ف۸ تو یوسف نے یہ بات اپنے دل میں رکھی اور ان پر ظاہر نہ کی جی میں کہا

اَنْتُمْ شَرٌّ مَّكَانًا ۚ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا تَصِفُوْنَ ﴿۷۷﴾ قَالُوْا يٰٓاَيُّهَا الْعَزِيْزُ

تم بدتر جگہ ہو ف۹ اور اللہ خوب جانتا ہے جو باتیں بناتے ہو بولے اے عزیز اس کے

اِنَّ لَهٗٓ اَبًا شَيْخًا كَبِيْرًا فَخُذْ اَحَدَنَا مَكَانَهٗ ۚ اِنَّا نَرٰىكَ مِنَ

ایک باپ ہیں بوڑھے بڑے ف۱۰ تو ہم میں اسکی جگہ کسی کو لے لو بے شک ہم تمہارے

الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۷۸﴾ قَالَ مَعَاذَ اللّٰهِ اَنْ نَّاْخُذَ اِلَّا مَنْ وَّجَدْنَا مَتَاعَنَا

احسان دیکھ رہے ہیں کہا ف۱۱ خدا کی پناہ کہ ہم لیں مگر اسی کو جس کے پاس ہمارا مال ملا

عِنْدَهٗٓ ۙ اِنَّآ اِذًا لَّظٰلِمُوْنَ ﴿۷۹﴾ فَلَمَّا اسْتَيْـَٔسُوْا مِنْهُ خَلَصُوْا نَجِيًّا ؕ ع ۹ ۱۱

ف۱۲ جب تو ہم ظالم ہونگے پھر جب اس سے ناامید ہوئے الگ جا کر سرگوشی کرنے لگے

قَالَ كَبِيْرُهُمْ اَلَمْ تَعْلَمُوْٓا اَنَّ اَبَاكُمْ قَدْ اَخَذَ عَلَيْكُمْ مَّوْثِقًا مِّنَ

ان کا بڑا بھائی بولا کیا تمہیں خبر نہیں کہ تمہارے باپ نے تم سے اللہ کا عہد لے لیا تھا

اللّٰهِ وَمِنْ قَبْلُ مَا فَرَّطْتُّمْ فِيْ يُوْسُفَ ۚ فَلَنْ اَبْرَحَ الْاَرْضَ حَتّٰى

اور اس سے پہلے یوسف کے حق میں تم نے کیسی تقصیر کی تو میں یہاں سے نہ ٹلوں گا یہاں تک

يَاْذَنَ لِيْٓ اَبِيْٓ اَوْ يَحْكُمَ اللّٰهُ لِيْ ۚ وَهُوَ خَيْرُ الْحٰكِمِيْنَ ﴿۸۰﴾ اِرْجِعُوْٓا

کہ میرے باپ ف۱۳ اجازت دیں یا اللہ مجھے حکم فرمائے ف۱۴ اور اس کا حکم سب سے بہتر اپنے باپ کے

اِلٰٓى اَبِيْكُمْ فَقُوْلُوْا يٰٓاَبَانَآ اِنَّ ابْنَكَ سَرَقَ ۚ وَمَا شَهِدْنَآ اِلَّا

پاس لوٹ کر جاؤ پھر عرض کرو کہ اے ہمارے باپ بیشک آپ کے بیٹے نے چوری کی ف۱۵ اور ہم تو اتنی ہی بات کے گواہ ہوئے تھے



https://alislami.net

بِمَا عَلِمْنَا وَمَا كُنَّا لِلْغَيْبِ حٰفِظِيْنَ ﴿۸۱﴾ وَسْـَٔلِ الْقَرْيَةَ الَّتِيْ كُنَّا فِيْهَا

جتنی ہمارے علم میں تھی ف اور ہم غیب کے نگہبان نہ تھے ف۲ اور اس بستی سے پوچھ دیکھیے جس میں ہم تھے

وَالْعِيْرَ الَّتِيْٓ اَقْبَلْنَا فِيْهَا ۭ وَاِنَّا لَصٰدِقُوْنَ ﴿۸۲﴾ قَالَ بَلْ سَوَّلَتْ

اور اس قافلہ سے جس میں ہم آئے اور ہم بیشک سچے ہیں ف۳ کہا ف۴ تمہارے نفس نے تمہیں

لَكُمْ اَنْفُسُكُمْ اَمْرًا ۭ فَصَبْرٌ جَمِيْلٌ ۭ عَسَى اللّٰهُ اَنْ يَّاْتِيَنِيْ بِهِمْ جَمِيْعًا ۭ

کچھ حیلہ بنا دیا تو اچھا صبر ہے قریب ہے کہ اللہ ان سب کو مجھ سے لا ملائے ف۵

اِنَّهٗ هُوَ الْعَلِيْمُ الْحَكِيْمُ ﴿۸۳﴾ وَتَوَلّٰى عَنْهُمْ وَقَالَ يٰٓاَسَفٰى عَلٰي يُوْسُفَ

بیشک وہی علم و حکمت والا ہے اور ان سے منہ پھیرا ف۶ اور کہا ہائے افسوس یوسف کی جدائی پر

وَابْيَضَّتْ عَيْنٰهُ مِنَ الْحُزْنِ فَهُوَ كَظِيْمٌ ﴿۸۴﴾ قَالُوْا تَاللّٰهِ تَفْتَؤُا

اور اس کی آنکھیں غم سے سفید ہو گئیں ف۷ تو وہ غصہ کھاتا رہا بولے ف۸ خدا کی قسم آپ ہمیشہ

تَذْكُرُ يُوْسُفَ حَتّٰى تَكُوْنَ حَرَضًا اَوْ تَكُوْنَ مِنَ الْهٰلِكِيْنَ ﴿۸۵﴾ قَالَ

یوسف کی یاد کرتے رہیں گے یہاں تک کہ گور کنارے جا لگیں یا جان سے گزر جائیں کہا میں

اِنَّمَآ اَشْكُوْا بَثِّيْ وَحُزْنِيْٓ اِلَى اللّٰهِ وَاَعْلَمُ مِنَ اللّٰهِ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿۸۶﴾

تو اپنی پریشانی اور غم کی فریاد اللہ ہی سے کرتا ہوں ف۹ اور مجھے اللہ کی وہ شانیں معلوم ہیں جو تم نہیں جانتے ف۱۰

يٰبَنِيَّ اذْهَبُوْا فَتَحَسَّسُوْا مِنْ يُّوْسُفَ وَاَخِيْهِ وَلَا تَايْـــَٔسُوْا مِنْ رَّوْحِ

اے بیٹو جاؤ یوسف اور اس کے بھائی کا سراغ لگاؤ اور اللہ کی رحمت سے ناامید نہ ہو

اللّٰهِ ۭ اِنَّهٗ لَا يَايْـــَٔسُ مِنْ رَّوْحِ اللّٰهِ اِلَّا الْقَوْمُ الْكٰفِرُوْنَ ﴿۸۷﴾ فَلَمَّا دَخَلُوْا

بے شک اللہ کی رحمت سے ناامید نہیں ہوتے مگر کافر لوگ ف۱۱ پھر جب وہ

عَلَيْهِ قَالُوْا يٰٓاَيُّهَا الْعَزِيْزُ مَسَّنَا وَاَهْلَنَا الضُّرُّ وَجِئْنَا بِبِضَاعَةٍ

یوسف کے پاس پہنچے بولے اے عزیز ہمیں اور ہمارے گھر والوں کو مصیبت پہنچی ف۱۲ اور ہم بے قدر پونجی لیکر آئے ہیں

مُّزْجٰىةٍ فَاَوْفِ لَنَا الْكَيْلَ وَتَصَدَّقْ عَلَيْنَا ۭ اِنَّ اللّٰهَ يَجْزِي

ف۱۳ تو آپ ہمیں پورا ناپ دیجیے ف۱۴ اور ہم پر خیرات کیجیے ف۱۵ بیشک اللہ خیرات والوں کو

الْمُتَصَدِّقِيْنَ ﴿۸۸﴾ قَالَ هَلْ عَلِمْتُمْ مَّا فَعَلْتُمْ بِيُوْسُفَ وَاَخِيْهِ اِذْ اَنْتُمْ

صلہ دیتا ہے ف۱۶ بولے کچھ خبر ہے تم نے یوسف اور اس کے بھائی کیساتھ کیا کیا تھا جب تم



https://alislami.net

جٰهِلُوْنَ ﴿۸۹﴾ قَالُوْٓا ءَاِنَّكَ لَاَنْتَ يُوْسُفُ ۭ قَالَ اَنَا يُوْسُفُ وَهٰذَآ

نادان تھے ف۱ بولے کیا سچ سچ آپ ہی یوسف ہیں کہا میں یوسف ہوں اور یہ میرا

اَخِيْ ۡ قَدْ مَنَّ اللّٰهُ عَلَيْنَا ۭ اِنَّهٗ مَنْ يَّتَّقِ وَيَصْبِرْ فَاِنَّ اللّٰهَ لَا يُضِيْعُ

بھائی بیشک اللہ نے ہمپر احسان کیا ف۲ بیشک جو پرہیزگاری اور صبر کرے تو اللہ نیکوں کا نیگ ضایع

اَجْرَ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۹۰﴾ قَالُوْا تَاللّٰهِ لَقَدْ اٰثَرَكَ اللّٰهُ عَلَيْنَا وَاِنْ كُنَّا

نہیں کرتا ف۳ بولے خدا کی قسم بیشک اللہ نے آپکو ہم پر فضیلت دی اور بے شک

لَخٰطِـــِٕيْنَ ﴿۹۱﴾ قَالَ لَا تَثْرِيْبَ عَلَيْكُمُ الْيَوْمَ ۭ يَغْفِرُ اللّٰهُ لَكُمْ ۡ وَهُوَ

ہم خطاوار تھے ف۴ کہا آج ف۵ تم پر کچھ ملامت نہیں اللہ تمھیں معاف کرے اور وہ

اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ ﴿۹۲﴾ اِذْهَبُوْا بِقَمِيْصِيْ هٰذَا فَاَلْقُوْهُ عَلٰي وَجْهِ اَبِيْ

سب مہربانوں سے بڑھکر مہربان ہے ف۶ میرا یہ کرتا لیجاؤ ف۷ اے میرے باپ کے منہ پر ڈالو اُن کی

يَاْتِ بَصِيْرًا ۚ وَاْتُوْنِيْ بِاَهْلِكُمْ اَجْمَعِيْنَ ﴿۹۳﴾ وَلَمَّا فَصَلَتِ الْعِيْرُ ع

آنکھیں کھل جائینگی اور اپنے سب گھر بھر کو میرے پاس لے آؤ جب قافلہ مصر سے جدا ہوا ف۸

قَالَ اَبُوْهُمْ اِنِّىْ لَاَجِدُ رِيْحَ يُوْسُفَ لَوْلَآ اَنْ تُفَنِّدُوْنِ ﴿۹۴﴾ قَالُوْا تَاللّٰهِ

یہاں اُن کے باپ نے ف۹ کہا بیشک میں یوسف کی خوشبو پاتا ہوں اگر مجھے یہ نہ کہو کہ سٹھیا گیا ہے بیٹے بولے خدا کی قسم

اِنَّكَ لَفِيْ ضَلٰلِكَ الْقَدِيْمِ ﴿۹۵﴾ فَلَمَّآ اَنْ جَاۗءَ الْبَشِيْرُ اَلْقٰىهُ عَلٰي وَجْهِهٖ الربع

آپ اپنی اُسی پرانی خود رفتگی میں ہیں ف۱۰ پھر جب خوشی سنانے والا آیا ف۱۱ اُس نے وہ کرتا یعقوب کے

فَارْتَدَّ بَصِيْرًا ۚ قَالَ اَلَمْ اَقُلْ لَّكُمْ ڌ اِنِّىْٓ اَعْلَمُ مِنَ اللّٰهِ مَا لَا

منہ پر ڈالا اُسی وقت اُسکی آنکھیں پھر آئیں کہا میں نہ کہتا تھا کہ مجھے اللہ کی وہ شانیں معلوم ہیں جو تم نہیں

تَعْلَمُوْنَ ﴿۹۶﴾ قَالُوْا يٰٓاَبَانَا اسْتَغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَآ اِنَّا كُنَّا خٰطِـــِٕيْنَ ﴿۹۷﴾

جانتے ف۱۲ بولے اے ہمارے باپ ہمارے گناہوں کی معافی مانگیے بیشک ہم خطاوار ہیں

قَالَ سَوْفَ اَسْتَغْفِرُ لَكُمْ رَبِّيْ ۭ اِنَّهٗ هُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ ﴿۹۸﴾ فَلَمَّا

کہا جلد میں تمھاری بخشش اپنے رب سے چاہوں گا بیشک وہی بخشنے والا مہربان ہے ف۱۳ پھر جب

دَخَلُوْا عَلٰي يُوْسُفَ اٰوٰٓى اِلَيْهِ اَبَوَيْهِ وَقَالَ ادْخُلُوْا مِصْرَ

وہ سب یوسف کے پاس پہونچے اس نے اپنے ماں ف۱۴ باپ کو اپنے پاس جگہ دی اور کہا مصر میں ف۱۵ داخل ہو



https://alislami.net

إِنْ شَاءَ اللَّهُ آمِنِينَ ﴿٩٩﴾ وَرَفَعَ أَبَوَيْهِ عَلَى الْعَرْشِ وَخَرُّوا لَهُ

اللہ چاہے تو امان کے ساتھ ف۱ اور اپنے ماں باپ کو تخت پر بٹھایا اور سب ف۲ اُسکے لیے

سُجَّدًا ۖ وَقَالَ يَا أَبَتِ هَٰذَا تَأْوِيلُ رُؤْيَايَ مِنْ قَبْلُ قَدْ

سجدے میں گرے ف۳ اور یوسف نے کہا اے میرے باپ یہ میرے پہلے خواب کی تعبیر ہے ف۴ بے شک

جَعَلَهَا رَبِّي حَقًّا ۖ وَقَدْ أَحْسَنَ بِي إِذْ أَخْرَجَنِي مِنَ السِّجْنِ وَ

اُسے میرے رب نے سچا کیا اور بیشک اُس نے مجھ پر احسان کیا کہ مجھے قید سے نکالا ف۵

جَاءَ بِكُمْ مِنَ الْبَدْوِ مِنْ بَعْدِ أَنْ نَزَغَ الشَّيْطَانُ بَيْنِي وَبَيْنَ

اور آپ سب کو گاؤں سے لے آیا بعد اس کے کہ شیطان نے مجھ میں اور میرے بھائیوں میں ناچاقی کرا دی تھی

إِخْوَتِي ۚ إِنَّ رَبِّي لَطِيفٌ لِمَا يَشَاءُ ۚ إِنَّهُ هُوَ الْعَلِيمُ الْحَكِيمُ ﴿١٠٠﴾

بے شک میرا رب جس بات کو چاہے آسان کر دے بیشک وہی علم و حکمت والا ہے ف۶

رَبِّ قَدْ آتَيْتَنِي مِنَ الْمُلْكِ وَعَلَّمْتَنِي مِنْ تَأْوِيلِ الْأَحَادِيثِ ۚ

اے میرے رب بیشک تو نے مجھے ایک سلطنت دی اور مجھے کچھ باتوں کا انجام نکالنا سکھایا

فَاطِرَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ أَنْتَ وَلِيِّي فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ ۖ

اے آسمانوں اور زمین کے بنانے والے تو میرا کام بنانے والا ہے دنیا اور آخرت میں

تَوَفَّنِي مُسْلِمًا وَأَلْحِقْنِي بِالصَّالِحِينَ ﴿١٠١﴾ ذَٰلِكَ مِنْ أَنْبَاءِ الْغَيْبِ

مجھے مسلمان اُٹھا اور اُن سے ملا جو تیرے قرب خاص کے لائق ہیں ف۷ یہ کچھ غیب کی خبریں ہیں جو ہم

نُوحِيهِ إِلَيْكَ ۖ وَمَا كُنْتَ لَدَيْهِمْ إِذْ أَجْمَعُوا أَمْرَهُمْ وَهُمْ

تمہاری طرف وحی کرتے ہیں اور تم اُن کے پاس نہ تھے ف۸ جب اُنھوں نے اپنا کام پکا کیا تھا اور وہ داؤں

يَمْكُرُونَ ﴿١٠٢﴾ وَمَا أَكْثَرُ النَّاسِ وَلَوْ حَرَصْتَ بِمُؤْمِنِينَ ﴿١٠٣﴾ وَمَا

چل رہے تھے ف۹ اور اکثر آدمی تم کتنا ہی چاہو ایمان نہ لائیں گے اور تم اُن سے

تَسْأَلُهُمْ عَلَيْهِ مِنْ أَجْرٍ ۚ إِنْ هُوَ إِلَّا ذِكْرٌ لِلْعَالَمِينَ ﴿١٠٤﴾ وَكَأَيِّنْ مِنْ آيَةٍ

اُن سے کچھ اجرت نہیں مانگتے یہ ف۱۰ تو نہیں مگر سارے جہان کو نصیحت اور کتنی نشانیاں ہیں ف۱۱

فِي السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ يَمُرُّونَ عَلَيْهَا وَهُمْ عَنْهَا مُعْرِضُونَ ﴿١٠٥﴾

آسمانوں اور زمین میں کہ اکثر لوگ اُن پر گزرتے ہیں ف۱۲ اور اُن سے بے خبر رہتے ہیں

ع ۱۱ ۵



https://alislami.net

وَمَا يُؤْمِنُ أَكْثَرُهُم بِاللَّهِ إِلَّا وَهُم مُّشْرِكُونَ ﴿١٠٦﴾ أَفَأَمِنُوا
اور اُن میں اکثر وہ ہیں کہ اللہ پر یقین نہیں لاتے مگر شرک کرتے ہوئے ف۱ کیا اس سے
أَن تَأْتِيَهُمْ غَاشِيَةٌ مِّنْ عَذَابِ اللَّهِ أَوْ تَأْتِيَهُمُ السَّاعَةُ
نڈر ہو بیٹھے کہ اللہ کا عذاب انہیں آکر گھیرے یا قیامت ان پر اچانک آجائے
بَغْتَةً وَهُمْ لَا يَشْعُرُونَ ﴿١٠٧﴾ قُلْ هَٰذِهِ سَبِيلِي أَدْعُو إِلَى اللَّهِ
اور انہیں خبر نہ ہو تم فرماؤ ف۲ یہ میری راہ ہے میں اللہ کی طرف بلاتا ہوں میں
عَلَىٰ بَصِيرَةٍ أَنَا وَمَنِ اتَّبَعَنِي ۖ وَسُبْحَانَ اللَّهِ وَمَا أَنَا مِنَ
اور جو میرے قدموں پر چلیں دل کی آنکھیں رکھتے ہیں ف۳ اور اللہ کو پاکی ہے ف۴ اور میں شریک کرنیوالا
الْمُشْرِكِينَ ﴿١٠٨﴾ وَمَا أَرْسَلْنَا مِن قَبْلِكَ إِلَّا رِجَالًا نُّوحِي إِلَيْهِم
نہیں اور ہم نے تم سے پہلے جتنے رسول بھیجے سب مرد ہی تھے ف۵ جنہیں ہم وحی کرتے
مِّنْ أَهْلِ الْقُرَىٰ ۗ أَفَلَمْ يَسِيرُوا فِي الْأَرْضِ فَيَنظُرُوا
اور سب شہر کے ساکن تھے ف۶ تو کیا یہ لوگ زمین میں چلے نہیں تو دیکھتے
كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الَّذِينَ مِن قَبْلِهِمْ ۗ وَلَدَارُ الْآخِرَةِ خَيْرٌ
ان سے پہلوں کا کیا انجام ہوا ف۷ اور بیشک آخرت کا گھر پرہیزگاروں
لِّلَّذِينَ اتَّقَوْا ۗ أَفَلَا تَعْقِلُونَ ﴿١٠٩﴾ حَتَّىٰ إِذَا اسْتَيْأَسَ الرُّسُلُ وَظَنُّوا
کیلئے بہتر تو کیا تمہیں عقل نہیں یہاں تک جب رسولوں کو ظاہری اسباب کی امید نہ رہی ف۸ اور لوگ
أَنَّهُمْ قَدْ كُذِبُوا جَاءَهُمْ نَصْرُنَا فَنُجِّيَ مَن نَّشَاءُ ۖ وَلَا يُرَدُّ بَأْسُنَا
سمجھے کہ رسولوں نے ان سے غلط کہا تھا ف۹ اسوقت ہماری مدد آئی تو جسے ہم نے چاہا بچا لیا گیا ف۱۰ اور ہمارا عذاب
عَنِ الْقَوْمِ الْمُجْرِمِينَ ﴿١١٠﴾ لَقَدْ كَانَ فِي قَصَصِهِمْ عِبْرَةٌ لِّأُولِي
مجرم لوگوں سے پھیرا نہیں جاتا بیشک اُن کی خبروں سے ف۱۱ عقلمندوں کی آنکھیں کھلتی ہیں
الْأَلْبَابِ ۗ مَا كَانَ حَدِيثًا يُفْتَرَىٰ وَلَٰكِن تَصْدِيقَ الَّذِي بَيْنَ
ف۱۲ یہ کوئی بناوٹ کی بات نہیں ف۱۳ لیکن اپنے سے اگلے کاموں کی ف۱۴ تصدیق ہے
يَدَيْهِ وَتَفْصِيلَ كُلِّ شَيْءٍ وَهُدًى وَرَحْمَةً لِّقَوْمٍ يُؤْمِنُونَ ﴿١١١﴾ ع
اور ہر چیز کا مفصل بیان اور مسلمانوں کے لیے ہدایت اور رحمت

وقف النبی صلی اللہ علیہ وسلم

ع ۱۲



https://alislami.net

سُوْرَةُ الرَّعْدِ مَدَنِيَّةٌ وَّهِيَ ثَلٰثٌ وَّاَرْبَعُوْنَ اٰيَةً وَّسِتُّ رُكُوْعَاتٍ | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

سورہ رعد مدنی ہے (اللہ کے نام سے شروع جو نہایت مہربان رحم والا ف۱) اس میں ۴۳ آیتیں اور ۶ رکوع ہیں

الٓمّٓرٰ قف تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ ؕ وَالَّذِيْٓ اُنْزِلَ اِلَيْكَ مِنْ رَّبِّكَ الْحَقُّ

یہ کتاب کی آیتیں ہیں ف۲ اور وہ جو تمہاری طرف تمہارے رب کے پاس سے اترا ف۳ حق ہے

وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يُؤْمِنُوْنَ ① اَللّٰهُ الَّذِيْ رَفَعَ السَّمٰوٰتِ

ف۴ مگر اکثر آدمی ایمان نہیں لاتے ف۵ اللہ ہے جس نے آسمانوں کو بلند کیا

بِغَيْرِ عَمَدٍ تَرَوْنَهَا ثُمَّ اسْتَوٰى عَلَى الْعَرْشِ وَسَخَّرَ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ ؕ

بے ان ستونوں کے کہ تم دیکھو ف۶ پھر عرش پر استوا فرمایا جیسا اس کی شان کے لائق ہے اور سورج اور چاند کو

كُلٌّ يَّجْرِيْ لِاَجَلٍ مُّسَمًّى ؕ يُدَبِّرُ الْاَمْرَ يُفَصِّلُ الْاٰيٰتِ لَعَلَّكُمْ

مسخر کیا ف۷ ہر ایک ایک ٹھہرائے ہوئے وعدہ تک چلتا ہے ف۸ اللہ کام کی تدبیر فرماتا اور مفصل نشانیاں بتاتا

بِلِقَآءِ رَبِّكُمْ تُوْقِنُوْنَ ② وَهُوَ الَّذِيْ مَدَّ الْاَرْضَ وَجَعَلَ

ہے ف۹ کہیں تم اپنے رب کا ملنا یقین کرو ف۱۰ اور وہی ہے جس نے زمین کو پھیلایا اور اس میں لنگر

فِيْهَا رَوَاسِيَ وَاَنْهٰرًا ؕ وَمِنْ كُلِّ الثَّمَرٰتِ جَعَلَ فِيْهَا زَوْجَيْنِ

اور نہریں بنائیں اور زمین میں ہر قسم کے پھل دو دو طرح کے بنائے ف۱۱

اثْنَيْنِ يُغْشِي الَّيْلَ النَّهَارَ ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ

رات سے دن کو چھپا لیتا ہے بے شک اس میں نشانیاں ہیں دھیان کرنے والوں کو

يَّتَفَكَّرُوْنَ ③ وَفِي الْاَرْضِ قِطَعٌ مُّتَجٰوِرٰتٌ وَّجَنّٰتٌ مِّنْ اَعْنَابٍ

ف۱۲ اور زمین کے مختلف قطعے ہیں اور ہیں پاس پاس ف۱۳ اور باغ ہیں انگوروں کے

وَّزَرْعٌ وَّنَخِيْلٌ صِنْوَانٌ وَّغَيْرُ صِنْوَانٍ يُّسْقٰى بِمَآءٍ وَّاحِدٍ قف وَ

اور کھیتی اور کھجور کے پیڑ ایک تھالے سے اُگے اور الگ الگ سب کو ایک ہی پانی دیا جاتا ہے

نُفَضِّلُ بَعْضَهَا عَلٰى بَعْضٍ فِي الْاُكُلِ ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ

اور پھلوں میں ہم ایک کو دوسرے سے بہتر کرتے ہیں بے شک اس میں نشانیاں ہیں

يَّعْقِلُوْنَ ④ وَاِنْ تَعْجَبْ فَعَجَبٌ قَوْلُهُمْ ءَاِذَا كُنَّا تُرٰبًا ءَاِنَّا لَفِيْ خَلْقٍ

عقلمندوں کیلئے ف۱۵ اور اگر تم تعجب کرو ف۱۶ تو اچنبا تو ان کے اس کہنے کا ہے کہ کیا ہم مٹی ہو کر پھر



https://alislami.net

جَدِيْدٍ ؕ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِرَبِّهِمْ ۚ وَاُولٰٓئِكَ الْاَغْلٰلُ فِيْٓ
نئے بنیں گے ف۱ وہ ہیں جو اپنے رب سے منکر ہوئے اور وہ ہیں جن کی گردنوں میں
اَعْنَاقِهِمْ ۚ وَاُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿٥﴾ وَيَسْتَعْجِلُوْنَكَ
طوق ہونگے ف۲ اور وہ دوزخ والے ہیں انہیں اسی میں رہنا اور تم سے عذاب کی جلدی
بِالسَّيِّئَةِ قَبْلَ الْحَسَنَةِ وَقَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِمُ الْمَثُلٰتُ ؕ وَاِنَّ
کرتے ہیں رحمت سے پہلے ف۳ اور ان سے اگلوں کی سزائیں ہو چکیں ف۴ اور بیشک
رَبَّكَ لَذُوْ مَغْفِرَةٍ لِّلنَّاسِ عَلٰى ظُلْمِهِمْ ۚ وَاِنَّ رَبَّكَ لَشَدِيْدُ
تمہارا رب تو لوگوں کے ظلم پر بھی انہیں ایک طرح کی معافی دیتا ہے ف۵ اور بیشک تمہارے رب کا عذاب
الْعِقَابِ ﴿٦﴾ وَيَقُوْلُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَوْلَآ اُنْزِلَ عَلَيْهِ اٰيَةٌ مِّنْ رَّبِّهٖ ؕ
سخت ہے ف۶ اور کافر کہتے ہیں ان پر ان کی طرف سے کوئی نشانی کیوں نہیں اتری ف۷
اِنَّمَآ اَنْتَ مُنْذِرٌ وَّلِكُلِّ قَوْمٍ هَادٍ ﴿٧﴾ اَللّٰهُ يَعْلَمُ مَا تَحْمِلُ كُلُّ ع
تم تو ڈر سنانے والے ہو اور ہر قوم کے ہادی ف۸ اللہ جانتا ہے جو کچھ کسی مادہ کے پیٹ میں ہے
اُنْثٰى وَمَا تَغِيْضُ الْاَرْحَامُ وَمَا تَزْدَادُ ؕ وَكُلُّ شَيْءٍ عِنْدَهٗ
اور پیٹ جو کچھ گھٹتے اور بڑھتے ہیں ف۹ اور ہر چیز اس کے پاس ف۱۰
بِمِقْدَارٍ ﴿٨﴾ عٰلِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ الْكَبِيْرُ الْمُتَعَالِ ﴿٩﴾ سَوَآءٌ
ایک اندازہ سے ہے ف۱۱ ہر چھپے اور کھلے کا جاننے والا سب سے بڑا بلندی والا ف۱۲ برابر ہیں
مِّنْكُمْ مَّنْ اَسَرَّ الْقَوْلَ وَمَنْ جَهَرَ بِهٖ وَمَنْ هُوَ مُسْتَخْفٍۭ بِالَّيْلِ
جو تم میں بات آہستہ کہے اور جو آواز سے اور جو رات میں چھپا ہے
وَسَارِبٌۢ بِالنَّهَارِ ﴿١٠﴾ لَهٗ مُعَقِّبٰتٌ مِّنْۢ بَيْنِ يَدَيْهِ وَمِنْ خَلْفِهٖ
اور جو دن میں راہ چلتا ہے ف۱۳ آدمی کیلئے بدلی والے فرشتے ہیں اس کے آگے پیچھے ف۱۴ کہ بحکم خدا اس کی
يَحْفَظُوْنَهٗ مِنْ اَمْرِ اللّٰهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُغَيِّرُ مَا بِقَوْمٍ حَتّٰى يُغَيِّرُوْا
حفاظت کرتے ہیں ف۱۵ بیشک اللہ کسی قوم سے اپنی نعمت نہیں بدلتا جب تک وہ خود ف۱۶ اپنی
مَا بِاَنْفُسِهِمْ ؕ وَاِذَآ اَرَادَ اللّٰهُ بِقَوْمٍ سُوْٓءًا فَلَا مَرَدَّ لَهٗ ۚ وَمَا لَهُمْ
حالت نہ بدل دیں اور جب اللہ کسی قوم سے برائی چاہے ف۱۷ تو وہ پھر نہیں سکتی اور اس کے



https://alislami.net

مِّنْ دُوْنِهٖ مِنْ وَّالٍ ﴿۱۱﴾ هُوَ الَّذِيْ يُرِيْكُمُ الْبَرْقَ خَوْفًا وَّطَمَعًا

سوا اُنکا کوئی حمایتی نہیں ف وہی ہے تمہیں بجلی دکھاتا ہے ڈر کو اور اُمید کو ف۲

وَّيُنْشِئُ السَّحَابَ الثِّقَالَ ﴿۱۲﴾ وَيُسَبِّحُ الرَّعْدُ بِحَمْدِهٖ وَالْمَلٰٓئِكَةُ مِنْ

اور بھاری بدلیاں اُٹھاتا ہے اور گرج اُسے سراہتی ہوئی اُسکی پاکی بولتی ہے ف۳ اور فرشتے اُسکے

خِيْفَتِهٖ وَيُرْسِلُ الصَّوَاعِقَ فَيُصِيْبُ بِهَا مَنْ يَّشَآءُ وَهُمْ

ڈر سے ف۴ اور کڑک بھیجتا ہے ف۵ تو اُسے ڈالتا ہے جس پر چاہے اور وہ

يُجَادِلُوْنَ فِي اللّٰهِ وَهُوَ شَدِيْدُ الْمِحَالِ ﴿۱۳﴾ لَهٗ دَعْوَةُ الْحَقِّ وَ

اللہ میں جھگڑتے ہوتے ہیں ف۶ اور اس کی پکڑ سخت ہے اُسی کا پکارنا سچا ہے ف۷ اور

الَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِهٖ لَا يَسْتَجِيْبُوْنَ لَهُمْ بِشَيْءٍ اِلَّا

اس کے سوا جنکو پکارتے ہیں ف۸ وہ اُن کی کچھ بھی نہیں سنتے مگر

كَبَاسِطِ كَفَّيْهِ اِلَى الْمَآءِ لِيَبْلُغَ فَاهُ وَمَا هُوَ بِبَالِغِهٖ وَمَا دُعَآءُ

اسکی طرح جو پانی کے سامنے اپنی ہتھیلیاں پھیلائے بیٹھا ہے کہ اس کے منہ میں پہنچ جائے ف۹ اور وہ ہرگز نہ پہنچے گا

الْكٰفِرِيْنَ اِلَّا فِيْ ضَلٰلٍ ﴿۱۴﴾ وَلِلّٰهِ يَسْجُدُ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ

اور کافروں کی ہر دعا بھٹکتی پھرتی ہے اور اللہ ہی کو سجدہ کرتے ہیں جتنے آسمانوں اور زمین میں ہیں

طَوْعًا وَّكَرْهًا وَّظِلٰلُهُمْ بِالْغُدُوِّ وَالْاٰصَالِ ﴿۱۵﴾ السجدة قُلْ مَنْ رَّبُّ

خوشی سے ف۱۰ خواہ مجبوری سے ف۱۱ اور انکی پرچھائیاں ہر صبح و شام ف۱۲ تم فرماؤ کون رب ہے

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ قُلِ اللّٰهُ قُلْ اَفَاتَّخَذْتُمْ مِّنْ دُوْنِهٖٓ اَوْلِيَآءَ

آسمانوں اور زمین کا تم خود ہی فرماؤ اللہ ف۱۳ تم فرماؤ تو کیا اسکے سوا تم نے وہ حمایتی بنالیے ہیں

لَا يَمْلِكُوْنَ لِاَنْفُسِهِمْ نَفْعًا وَّلَا ضَرًّا قُلْ هَلْ يَسْتَوِي الْاَعْمٰى وَ

جو اپنا بھلا برا نہیں کرسکتے ہیں ف۱۴ تم فرماؤ کیا برابر ہوجائیں گے اندھا اور

الْبَصِيْرُ اَمْ هَلْ تَسْتَوِي الظُّلُمٰتُ وَالنُّوْرُ اَمْ جَعَلُوْا لِلّٰهِ

انکھیارا ف۱۵ یا کیا برابر ہو جائیں گی اندھیریاں اور اُجالا ف۱۶ کیا اللہ کے لیے ایسے

شُرَكَآءَ خَلَقُوْا كَخَلْقِهٖ فَتَشَابَهَ الْخَلْقُ عَلَيْهِمْ قُلِ اللّٰهُ خَالِقُ كُلِّ

شریک ٹھہرائے ہیں جنہوں نے اللہ کی طرح کچھ بنایا تو انہیں اُنکا اور اسکا بنانا ایک سا معلوم ہوا ف۱۷ تم فرماؤ اللہ



https://alislami.net

شَيْءٍ وَّهُوَ الْوَاحِدُ الْقَهَّارُ ﴿١٦﴾ اَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً فَسَالَتْ اَوْدِيَةٌ

ہر چیز کا بنانیوالا ہے ف اور وہ اکیلا سب پر غالب ہے ف۲ اس نے آسمان سے پانی اُتارا تو نالے اپنے اپنے لائق بہہ نکلے

بِقَدَرِهَا فَاحْتَمَلَ السَّيْلُ زَبَدًا رَّابِيًا ؕ وَمِمَّا يُوْقِدُوْنَ عَلَيْهِ

تو پانی کی رَو اس پر ابھرے ہوئے جھاگ اُٹھا لائی اور جس پر آگ دہکاتے ہیں ف۳

فِي النَّارِ ابْتِغَآءَ حِلْيَةٍ اَوْ مَتَاعٍ زَبَدٌ مِّثْلُهٗ ؕ كَذٰلِكَ يَضْرِبُ

گہنا یا اور اسباب ف۴ بنانے کو اس سے بھی ویسے ہی جھاگ اُٹھتے ہیں

اللّٰهُ الْحَقَّ وَالْبَاطِلَ ۬ؕ فَاَمَّا الزَّبَدُ فَيَذْهَبُ جُفَآءً ۚ وَاَمَّا

اللہ بتاتا ہے کہ حق اور باطل کی یہی مثال ہے تو جھاگ تو پھک کر دور ہو جاتا ہے اور وہ جو

مَا يَنْفَعُ النَّاسَ فَيَمْكُثُ فِي الْاَرْضِ ؕ كَذٰلِكَ يَضْرِبُ اللّٰهُ

لوگوں کے کام آئے زمین میں رہتا ہے ف۵ اللہ یوں ہی مثالیں بیان فرماتا

الْاَمْثَالَ ﴿١٧﴾ ؕ لِلَّذِيْنَ اسْتَجَابُوْا لِرَبِّهِمُ الْحُسْنٰى ؕ وَالَّذِيْنَ

ہے جن لوگوں نے اپنے رب کا حکم مانا انہیں کے لیے بھلائی ہے ف۶ اور جنہوں نے

لَمْ يَسْتَجِيْبُوْا لَهٗ لَوْ اَنَّ لَهُمْ مَّا فِي الْاَرْضِ جَمِيْعًا وَّمِثْلَهٗ مَعَهٗ

اس کا حکم نہ مانا ف۷ اگر زمین میں جو کچھ ہے وہ سب اور اس جیسا اور ان کی ملک میں

لَافْتَدَوْا بِهٖ ؕ اُولٰٓئِكَ لَهُمْ سُوْٓءُ الْحِسَابِ ۬ۙ وَمَاْوٰىهُمْ جَهَنَّمُ ؕ وَ

ہوتا تو اپنی جان چھڑانے کو دے دیتے یہی ہیں جن کا برا حساب ہوگا ف۸ اور ان کا ٹھکانا جہنم ہے اور

بِئْسَ الْمِهَادُ ﴿١٨﴾ اَفَمَنْ يَّعْلَمُ اَنَّمَآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ مِنْ رَّبِّكَ الْحَقُّ

کیا ہی برا بچھونا تو کیا وہ جو جانتا ہے جو کچھ تمہاری طرف تمہارے رب کے پاس سے اترا حق ہے

كَمَنْ هُوَ اَعْمٰى ؕ اِنَّمَا يَتَذَكَّرُ اُولُوا الْاَلْبَابِ ﴿١٩﴾ الَّذِيْنَ يُوْفُوْنَ

ف۹ وہ اس جیسا ہوگا جو اندھا ہے ف۱۰ نصیحت وہی مانتے ہیں جنہیں عقل ہے وہ جو اللہ کا عہد پورا کرتے ہیں

بِعَهْدِ اللّٰهِ وَلَا يَنْقُضُوْنَ الْمِيْثَاقَ ﴿٢٠﴾ وَالَّذِيْنَ يَصِلُوْنَ مَآ اَمَرَ

ف۱۱ اور قول باندھ کر پھرتے نہیں اور وہ کہ جوڑتے ہیں اُسے جس کے

اللّٰهُ بِهٖٓ اَنْ يُّوْصَلَ وَيَخْشَوْنَ رَبَّهُمْ وَيَخَافُوْنَ سُوْٓءَ الْحِسَابِ ﴿٢١﴾ؕ

جوڑنے کا اللہ نے حکم دیا ف۱۲ اور اپنے رب سے ڈرتے ہیں اور حساب کی بُرائی سے اندیشہ رکھتے ہیں ف۱۳

وقف النبی صلی اللہ علیہ وسلم

ع ۱۱



https://alislami.net

وَالَّذِيْنَ صَبَرُوا ابْتِغَآءَ وَجْهِ رَبِّهِمْ وَاَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَاَنْفَقُوْا

اور وہ جنہوں نے صبر کیا ف اپنے رب کی رضا چاہنے کو اور نماز قائم رکھی اور ہمارے دیے سے

مِمَّا رَزَقْنٰهُمْ سِرًّا وَّعَلَانِيَةً وَّيَدْرَءُوْنَ بِالْحَسَنَةِ السَّيِّئَةَ

ہماری راہ میں چھپے اور ظاہر کچھ خرچ کیا ف٢ اور برائی کے بدلے بھلائی کر کے ٹالتے ہیں ف٣

اُولٰٓئِكَ لَهُمْ عُقْبَى الدَّارِ ﴿٢٢﴾ جَنّٰتُ عَدْنٍ يَّدْخُلُوْنَهَا وَمَنْ صَلَحَ

انھیں کے لیے پچھلے گھر کا نفع ہے بسنے کے باغ جنہیں وہ داخل ہونگے اور جو لائق ہوں ف٤

مِنْ اٰبَآئِهِمْ وَاَزْوَاجِهِمْ وَذُرِّيّٰتِهِمْ وَالْمَلٰٓئِكَةُ يَدْخُلُوْنَ عَلَيْهِمْ

انکے باپ دادا اور بی بیوں اور اولاد میں ف٥ اور فرشتے ف٦ ہر دروازے سے انپر یہ کہتے

مِّنْ كُلِّ بَابٍ ﴿٢٣﴾ سَلٰمٌ عَلَيْكُمْ بِمَا صَبَرْتُمْ فَنِعْمَ عُقْبَى الدَّارِ ﴿٢٤﴾

آئیں گے سلامتی ہو تم پر تمہارے صبر کا بدلہ تو پچھلا گھر کیا ہی خوب ملا

وَالَّذِيْنَ يَنْقُضُوْنَ عَهْدَ اللّٰهِ مِنْ بَعْدِ مِيْثَاقِهٖ وَيَقْطَعُوْنَ

اور وہ جو اللہ کا عہد اس کے پکے ہونے ف٧ کے بعد توڑتے اور جس کے

مَآ اَمَرَ اللّٰهُ بِهٖٓ اَنْ يُّوْصَلَ وَيُفْسِدُوْنَ فِي الْاَرْضِ اُولٰٓئِكَ لَهُمُ

جوڑنے کو اللہ نے فرمایا اسے قطع کرتے اور زمین میں فساد پھیلاتے ہیں ف٨ انکا حصہ

اللَّعْنَةُ وَلَهُمْ سُوْٓءُ الدَّارِ ﴿٢٥﴾ اَللّٰهُ يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ يَّشَآءُ وَ

لعنت ہی ہے اور انکا نصیبہ برا گھر ف٩ اللہ جسکے لیے چاہے رزق کشادہ اور ف١٠

يَقْدِرُ ؕ وَفَرِحُوْا بِالْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ؕ وَمَا الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا فِي الْاٰخِرَةِ

تنگ کرتا ہے اور کافر دنیا کی زندگی پر اترا گئے ف١١ اور دنیا کی زندگی آخرت کے مقابل نہیں مگر کچھ

ع اِلَّا مَتَاعٌ ﴿٢٦﴾ وَيَقُوْلُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَوْلَآ اُنْزِلَ عَلَيْهِ اٰيَةٌ مِّنْ

دن برت لینا اور کافر کہتے انپر کوئی نشانی انکے رب کی طرف سے کیوں نہ اتری

رَّبِّهٖ ؕ قُلْ اِنَّ اللّٰهَ يُضِلُّ مَنْ يَّشَآءُ وَيَهْدِيْٓ اِلَيْهِ مَنْ اَنَابَ ﴿٢٧﴾

تم فرماؤ بیشک اللہ جسے چاہے گمراہ کرتا ہے ف١٢ اور اپنی راہ اسے دیتا ہے جو اس کی طرف رجوع لائے

اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَتَطْمَئِنُّ قُلُوْبُهُمْ بِذِكْرِ اللّٰهِ ؕ اَلَا بِذِكْرِ اللّٰهِ تَطْمَئِنُّ

وہ جو ایمان لائے اور ان کے دل اللہ کی یاد سے چین پاتے ہیں سن لو اللہ کی یاد ہی میں



https://alislami.net

الْقُلُوبُ ﴿٢٨﴾ الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ طُوبَىٰ لَهُمْ وَحُسْنُ مَآبٍ ﴿٢٩﴾

دلوں کا چین ہے ف۱ وہ جو ایمان لائے اور اچھے کام کیے اُنکو خوشی ہے اور اچھا انجام ف۲

كَذَٰلِكَ أَرْسَلْنَاكَ فِي أُمَّةٍ قَدْ خَلَتْ مِن قَبْلِهَا أُمَمٌ لِّتَتْلُوَ عَلَيْهِمُ

اسی طرح ہم نے تم کو اس اُمت میں بھیجا جس سے پہلے اُمتیں ہو گزریں ف۳ کہ تم اُنھیں پڑھکر سناؤ ف۴

الَّذِي أَوْحَيْنَا إِلَيْكَ وَهُمْ يَكْفُرُونَ بِالرَّحْمَٰنِ ۚ قُلْ هُوَ رَبِّي

جو ہم نے تمھاری طرف وحی کی اور وہ رحمٰن کے منکر ہو رہے ہیں ف۵ تم فرماؤ وہ میرا رب ہے

لَا إِلَٰهَ إِلَّا هُوَ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَإِلَيْهِ مَتَابِ ﴿٣٠﴾ وَلَوْ أَنَّ قُرْآنًا

اسکے سوا کسی کی بندگی نہیں میں نے اسی پر بھروسا کیا اور اسی کی طرف میری رجوع ہے اور اگر کوئی ایسا قرآن

سُيِّرَتْ بِهِ الْجِبَالُ أَوْ قُطِّعَتْ بِهِ الْأَرْضُ أَوْ كُلِّمَ بِهِ الْمَوْتَىٰ ۗ

آتا جس سے پہاڑ ٹل جاتے ف۶ یا زمین پھٹ جاتی یا مردے باتیں کرتے جب بھی

بَل لِّلَّهِ الْأَمْرُ جَمِيعًا ۗ أَفَلَمْ يَيْأَسِ الَّذِينَ آمَنُوا أَن لَّوْ يَشَاءُ

یہ کافر نہ مانتے ف۷ بلکہ سب کام اللہ ہی کے اختیار میں ہیں ف۸ تو کیا مسلمان اس سے نا اُمید نہ ہوئے ف۹ کہ اللہ چاہتا

اللَّهُ لَهَدَى النَّاسَ جَمِيعًا ۗ وَلَا يَزَالُ الَّذِينَ كَفَرُوا تُصِيبُهُم

تو سب آدمیوں کو ہدایت کر دیتا ف۱۰ اور کافروں کو ہمیشہ اُنکے کیے پر سخت دھمک پہنچتی رہے گی

بِمَا صَنَعُوا قَارِعَةٌ أَوْ تَحُلُّ قَرِيبًا مِّن دَارِهِمْ حَتَّىٰ يَأْتِيَ

ف۱۱ یا اُن کے گھروں کے نزدیک اُترے گی ف۱۲ یہانتک کہ اللہ کا

وَعْدُ اللَّهِ ۚ إِنَّ اللَّهَ لَا يُخْلِفُ الْمِيعَادَ ﴿٣١﴾ وَلَقَدِ اسْتُهْزِئَ بِرُسُلٍ ع ٥ ١٠

وعدہ آئے ف۱۳ بیشک اللہ وعدہ خلاف نہیں کرتا ف۱۴ اور بیشک تم سے اگلے رسولوں سے بھی ہنسی

مِّن قَبْلِكَ فَأَمْلَيْتُ لِلَّذِينَ كَفَرُوا ثُمَّ أَخَذْتُهُمْ ۖ فَكَيْفَ

کی گئی تو میں نے کافروں کو کچھ دنوں ڈھیل دی پھر اُنھیں پکڑا ف۱۵ تو میرا

كَانَ عِقَابِ ﴿٣٢﴾ أَفَمَنْ هُوَ قَائِمٌ عَلَىٰ كُلِّ نَفْسٍ بِمَا كَسَبَتْ ۗ وَ

عذاب کیسا تھا تو کیا وہ جو ہر جان پر اُس کے اعمال کی نگہداشت رکھتا ہے ف۱۶ اور

جَعَلُوا لِلَّهِ شُرَكَاءَ قُلْ سَمُّوهُمْ ۚ أَمْ تُنَبِّئُونَهُ بِمَا لَا يَعْلَمُ

وہ اللہ کے شریک ٹھہراتے ہیں تم فرماؤ اُنکا نام تو لو ف۱۷ یا اسے وہ بتاتے ہو جو اس کے علم میں



https://alislami.net

فِي الْاَرْضِ اَمْ بِظَاهِرٍ مِّنَ الْقَوْلِ ؕ بَلْ زُيِّنَ لِلَّذِيْنَ كَفَرُوْا
ساری زمین میں نہیں ف١ یا یوں ہی اوپری بات ف٢ بلکہ کافروں کی نگاہ میں اُنکا فریب اچھا
مَكْرُهُمْ وَصُدُّوْا عَنِ السَّبِيْلِ ؕ وَمَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ فَمَا لَهٗ
ٹھہرا ہے اور راہ سے روکے گئے ف٣ اور جسے اللہ گمراہ کرے اُسے کوئی
مِنْ هَادٍ ﴿٣٣﴾ لَهُمْ عَذَابٌ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَلَعَذَابُ الْاٰخِرَةِ
ہدایت کرنیوالا نہیں اُنھیں دنیا کے جیتے عذاب ہوگا ف٤ اور بیشک آخرت کا عذاب سب
اَشَقُّ ۚ وَمَا لَهُمْ مِّنَ اللّٰهِ مِنْ وَّاقٍ ﴿٣٤﴾ مَثَلُ الْجَنَّةِ الَّتِيْ
سخت ہے اور اُنھیں اللہ سے بچانیوالا کوئی نہیں احوال اس جنت کا کہ ڈر والوں کیلئے
وُعِدَ الْمُتَّقُوْنَ ؕ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ؕ اُكُلُهَا دَآئِمٌ وَّ
جسکا وعدہ ہے اس کے نیچے نہریں بہتی ہیں اُس کے میوے ہمیشہ اور
ظِلُّهَا ؕ تِلْكَ عُقْبَى الَّذِيْنَ اتَّقَوْا ۖۗ وَّعُقْبَى الْكٰفِرِيْنَ النَّارُ ﴿٣٥﴾
اسکا سایہ ف٥ ڈر والوں کا تو یہ انجام ہے ف٦ اور کافروں کا انجام آگ
وَالَّذِيْنَ اٰتَيْنٰهُمُ الْكِتٰبَ يَفْرَحُوْنَ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ وَمِنَ
اور جن کو ہم نے کتاب دی ف٧ وہ اس پر خوش ہوتے جو تمھاری طرف اُترا اور ان
الْاَحْزَابِ مَنْ يُّنْكِرُ بَعْضَهٗ ؕ قُلْ اِنَّمَآ اُمِرْتُ اَنْ اَعْبُدَ اللّٰهَ
گروہوں میں ف٨ کچھ وہ ہیں کہ اُسکے بعض سے منکر ہیں تم فرماؤ مجھے تو یہی حکم ہے کہ اللہ کی بندگی کروں
وَلَآ اُشْرِكَ بِهٖ ؕ اِلَيْهِ اَدْعُوْا وَاِلَيْهِ مَاٰبِ ﴿٣٦﴾ وَكَذٰلِكَ اَنْزَلْنٰهُ
اور اسکا شریک نہ ٹھہراؤں میں اسی کی طرف بلاتا ہوں اور اسی کی طرف مجھے پھرنا ف٩ اور اسی طرح ہم نے اسے عربی فیصلہ
حُكْمًا عَرَبِيًّا ؕ وَلَئِنِ اتَّبَعْتَ اَهْوَآءَهُمْ بَعْدَ مَا جَآءَكَ مِنَ
اُتارا ف١٠ اور اے سننے والے اگر تو اُنکی خواہشوں پر چلے گا ف١١ بعد اس کے کہ تجھے علم آچکا
ع ٥ / ١١ الْعِلْمِ ۙ مَا لَكَ مِنَ اللّٰهِ مِنْ وَّلِيٍّ وَّلَا وَاقٍ ﴿٣٧﴾ وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا
تو اللہ کے آگے نہ تیرا کوئی حمایتی ہوگا نہ بچانے والا اور بیشک ہم نے تم سے پہلے
رُسُلًا مِّنْ قَبْلِكَ وَجَعَلْنَا لَهُمْ اَزْوَاجًا وَّذُرِّيَّةً ؕ وَمَا كَانَ
رسول بھیجے اور اُنکے لیے بیبیاں ف١٢ اور بچے کیے اور کسی



https://alislami.net

لِرَسُولٍ أَنْ يَأْتِيَ بِآيَةٍ إِلَّا بِإِذْنِ اللَّهِ ۗ لِكُلِّ أَجَلٍ كِتَابٌ ﴿۳۸﴾

رسول کا کام نہیں کہ کوئی نشانی لے آئے مگر اللہ کے حکم سے ہر وعدہ کی ایک لکھت ہے ف۱

يَمْحُو اللَّهُ مَا يَشَاءُ وَيُثْبِتُ ۖ وَعِنْدَهُ أُمُّ الْكِتَابِ ﴿۳۹﴾ وَإِنْ مَا

اللہ جو چاہے مٹاتا اور ثابت کرتا ہے ف۲ اور اصل لکھا ہوا اُسی کے پاس ہے ف۳ اور اگر ہمیں تمہیں

نُرِيَنَّكَ بَعْضَ الَّذِي نَعِدُهُمْ أَوْ نَتَوَفَّيَنَّكَ فَإِنَّمَا

دکھا دیں کوئی وعدہ ف۴ جو اُنہیں دیا جاتا ہے یا پہلے ہی ف۵ اپنے پاس بلائیں تو بہر حال

عَلَيْكَ الْبَلَاغُ وَعَلَيْنَا الْحِسَابُ ﴿۴۰﴾ أَوَلَمْ يَرَوْا أَنَّا نَأْتِي الْأَرْضَ

تم پر تو صرف پہنچانا ہے اور حساب لینا ف۶ ہمارا ذمہ ف۷ کیا اُنہیں نہیں سوجھتا کہ ہم ہر طرف سے اُس کی

نَنْقُصُهَا مِنْ أَطْرَافِهَا ۚ وَاللَّهُ يَحْكُمُ لَا مُعَقِّبَ لِحُكْمِهِ ۚ وَهُوَ

آبادی گھٹاتے آرہے ہیں ف۸ اور اللہ حکم فرماتا ہے اُس کا حکم پیچھے ڈالنے والا کوئی نہیں ف۹

سَرِيعُ الْحِسَابِ ﴿۴۱﴾ وَقَدْ مَكَرَ الَّذِينَ مِنْ قَبْلِهِمْ فَلِلَّهِ الْمَكْرُ

اور اسے حساب لیتے دیر نہیں لگتی اور اُن سے اگلے ف۱۰ فریب کر چکے ہیں تو ساری خفیہ تدبیر کا مالک

جَمِيعًا ۖ يَعْلَمُ مَا تَكْسِبُ كُلُّ نَفْسٍ ۗ وَسَيَعْلَمُ الْكُفَّارُ لِمَنْ

تو اللہ ہی ہے ف۱۱ جانتا ہے جو کچھ کوئی جان کمائے ف۱۲ اور اب جاننا چاہتے ہیں کافر کسے ملتا ہے

عُقْبَى الدَّارِ ﴿۴۲﴾ وَيَقُولُ الَّذِينَ كَفَرُوا لَسْتَ مُرْسَلًا ۚ قُلْ كَفَىٰ

پچھلا گھر ف۱۳ اور کافر کہتے ہیں تم رسول نہیں تم فرماؤ

بِاللَّهِ شَهِيدًا بَيْنِي وَبَيْنَكُمْ وَمَنْ عِنْدَهُ عِلْمُ الْكِتَابِ ﴿۴۳﴾ ع ۶ ۱۲

اللہ گواہ کافی ہے مجھ میں اور تم میں ف۱۴ اور وہ جسے کتاب کا علم ہے ف۱۵

## سُورَةُ إِبْرَاهِيمَ مَكِّيَّةٌ وَهِيَ اثْنَتَانِ وَخَمْسُونَ آيَةً وَسَبْعُ رُكُوعَاتٍ

سورہ ابراہیم مکی ہے۔ اس میں ۵۲ آیتیں اور ۷ رکوع ہیں۔

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ

اللہ کے نام سے شروع جو نہایت مہربان رحم والا ف۱۶

الر ۚ كِتَابٌ أَنْزَلْنَاهُ إِلَيْكَ لِتُخْرِجَ النَّاسَ مِنَ الظُّلُمَاتِ إِلَى النُّورِ

ایک کتاب ہے ف۱۷ کہ ہم نے تمہاری طرف اُتاری کہ تم لوگوں کو ف۱۸ اندھیریوں سے ف۱۹ اُجالے میں لاؤ ف۲۰



https://alislami.net

بِإِذْنِ رَبِّهِمْ إِلَىٰ صِرَاطِ الْعَزِيزِ الْحَمِيدِ ۝١ اللَّهِ الَّذِي لَهُ مَا فِي
ان کے رب کے حکم سے اُس کی راہ ف کی طرف جو عزت والا سب خوبیوں والا ہے اللہ کہ اسی کا ہے جو کچھ

السَّمَاوَاتِ وَمَا فِي الْأَرْضِ ۗ وَوَيْلٌ لِلْكَافِرِينَ مِنْ عَذَابٍ
آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ف۲ اور کافروں کی خرابی ہے ایک سخت عذاب سے

شَدِيدٍ ۝٢ الَّذِينَ يَسْتَحِبُّونَ الْحَيَاةَ الدُّنْيَا عَلَى الْآخِرَةِ وَ
جنھیں آخرت سے دنیا کی زندگی پیاری ہے اور

يَصُدُّونَ عَنْ سَبِيلِ اللَّهِ وَيَبْغُونَهَا عِوَجًا ۚ أُولَٰئِكَ فِي
اللہ کی راہ سے روکتے ف۳ اور اس میں کجی چاہتے ہیں وہ دور کی

ضَلَالٍ بَعِيدٍ ۝٣ وَمَا أَرْسَلْنَا مِنْ رَسُولٍ إِلَّا بِلِسَانِ قَوْمِهِ
گمراہی میں ہیں ف۴ اور ہم نے ہر رسول اُس کی قوم ہی کی زبان میں بھیجا ف۵

لِيُبَيِّنَ لَهُمْ ۖ فَيُضِلُّ اللَّهُ مَنْ يَشَاءُ وَيَهْدِي مَنْ يَشَاءُ ۚ وَ
کہ وہ اُنھیں صاف بتائے ف۶ پھر اللہ گمراہ کرتا ہے جسے چاہے اور راہ دکھاتا ہے جسے چاہے اور

هُوَ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ ۝٤ وَلَقَدْ أَرْسَلْنَا مُوسَىٰ بِآيَاتِنَا أَنْ أَخْرِجْ
وہی عزت حکمت والا ہے اور بیشک ہم نے موسیٰ کو اپنی نشانیاں ف۷ لیکر بھیجا

قَوْمَكَ مِنَ الظُّلُمَاتِ إِلَى النُّورِ ۝ وَذَكِّرْهُمْ بِأَيَّامِ اللَّهِ ۚ إِنَّ
کہ اپنی قوم کو اندھیریوں سے ف۸ اُجالے میں لا اور اُنھیں اللہ کے دن یاد دلا ف۹ بیشک

فِي ذَٰلِكَ لَآيَاتٍ لِكُلِّ صَبَّارٍ شَكُورٍ ۝٥ وَإِذْ قَالَ مُوسَىٰ لِقَوْمِهِ
اس میں نشانیاں ہیں ہر بڑے صبر والے شکر گزار کو اور جب موسیٰ نے اپنی قوم سے کہا

اذْكُرُوا نِعْمَةَ اللَّهِ عَلَيْكُمْ إِذْ أَنْجَاكُمْ مِنْ آلِ فِرْعَوْنَ يَسُومُونَكُمْ
ف۱۰ یاد کرو اپنے اوپر اللہ کا احسان جب اُس نے تمھیں فرعون والوں سے نجات دی جو تم کو بری مار

سُوءَ الْعَذَابِ وَيُذَبِّحُونَ أَبْنَاءَكُمْ وَيَسْتَحْيُونَ نِسَاءَكُمْ ۚ
دیتے تھے اور تمھارے بیٹوں کو ذبح کرتے اور تمھاری بیٹیاں زندہ رکھتے

وَفِي ذَٰلِكُمْ بَلَاءٌ مِنْ رَبِّكُمْ عَظِيمٌ ۝٦ وَإِذْ تَأَذَّنَ رَبُّكُمْ ۱ ع ۶ ۱۴
اور اس میں ف۱۱ تمھارے رب کا بڑا فضل ہوا اور یاد کرو جب تمھارے رب نے



https://alislami.net

لَئِنْ شَكَرْتُمْ لَاَزِيْدَنَّكُمْ وَلَئِنْ كَفَرْتُمْ اِنَّ عَذَابِيْ لَشَدِيْدٌ ⑦

سنا دیا کہ اگر احسان مانو گے تو میں تمہیں اور دونگا اور اگر ناشکری کرو تو میرا عذاب سخت ہے

وَقَالَ مُوْسٰۤى اِنْ تَكْفُرُوْۤا اَنْتُمْ وَمَنْ فِى الْاَرْضِ جَمِيْعًا ۙ

اور موسیٰ نے کہا اگر تم اور زمین میں جتنے ہیں سب کافر ہو جاؤ ف۲

فَاِنَّ اللّٰهَ لَغَنِيٌّ حَمِيْدٌ ⑧ اَلَمْ يَاْتِكُمْ نَبَؤُا الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِكُمْ

تو بیشک اللہ بے پرواہ سب خوبیوں والا ہے کیا تمہیں انکی خبریں نہ آئیں جو تم سے پہلے تھی

قَوْمِ نُوْحٍ وَّعَادٍ وَّثَمُوْدَ ۬ۛ وَالَّذِيْنَ مِنْۢ بَعْدِهِمْ ۛؕ لَا يَعْلَمُهُمْ

نوح کی قوم اور عاد اور ثمود اور جو اُن کے بعد ہوئے اُنھیں اللہ ہی جانے

اِلَّا اللّٰهُ ؕ جَآءَتْهُمْ رُسُلُهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ فَرَدُّوْۤا اَيْدِيَهُمْ فِيْۤ

ف۳ اُنکے پاس اُنکے رسول روشن دلیلیں لیکر آئے ف۴ تو وہ اپنے ہاتھ ف۵ اپنے منہ کی طرف لیگئے

اَفْوَاهِهِمْ وَقَالُوْۤا اِنَّا كَفَرْنَا بِمَاۤ اُرْسِلْتُمْ بِهٖ وَاِنَّا لَفِيْ شَكٍّ مِّمَّا

اور بولے ہم منکر ہیں اس کے جو تمہارے ہاتھ بھیجا گیا اور جس راہ ف۶ کی طرف ہمیں بلاتے ہو ف

تَدْعُوْنَنَاۤ اِلَيْهِ مُرِيْبٍ ⑨ قَالَتْ رُسُلُهُمْ اَفِى اللّٰهِ شَكٌّ فَاطِرِ

اسمیں ہمیں وہ شک ہے کہ بات کھلنے نہیں دیتا اُنکے رسولوں نے کہا کیا اللہ میں شک ہے ف

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ يَدْعُوْكُمْ لِيَغْفِرَ لَكُمْ مِّنْ ذُنُوْبِكُمْ وَ

آسمان اور زمین کا بنانیوالا تمہیں بلاتا ہے ف۹ کہ تمہارے کچھ گناہ بخشے ف۱۰ اور

يُؤَخِّرَكُمْ اِلٰۤى اَجَلٍ مُّسَمًّى ؕ قَالُوْۤا اِنْ اَنْتُمْ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُنَا ؕ

موت کے مقرر وقت تک تمہاری زندگی بے عذاب کاٹ دے بولے تم تو ہمیں جیسے آدمی ہو ف۱۱

تُرِيْدُوْنَ اَنْ تَصُدُّوْنَا عَمَّا كَانَ يَعْبُدُ اٰبَآؤُنَا فَاْتُوْنَا

تم چاہتے ہو کہ ہمیں اس سے باز رکھو جو ہمارے باپ دادا پوجتے تھے ف۱۲ اب کوئی

الثلثة

بِسُلْطٰنٍ مُّبِيْنٍ ⑩ قَالَتْ لَهُمْ رُسُلُهُمْ اِنْ نَّحْنُ اِلَّا بَشَرٌ

روشن سند ہمارے پاس لے آؤ ف۱۳ اُن کے رسولوں نے اُن سے کہا ف۱۴ ہم ہیں تو تمہاری طرح انسان مگر

مِّثْلُكُمْ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ يَمُنُّ عَلٰى مَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ ؕ وَمَا كَانَ

اللہ اپنے بندوں میں جس پر چاہے احسان فرماتا ہے ف۱۵ اور ہمارا



https://alislami.net

لَنَآ اَنۡ نَّاۡتِيَكُمۡ بِسُلۡطٰنٍ اِلَّا بِاِذۡنِ اللّٰهِ ؕ وَعَلَى اللّٰهِ فَلۡيَتَوَكَّلِ

کام نہیں کہ ہم تمہارے پاس کچھ سند لے آئیں مگر اللہ کے حکم سے اور مسلمانوں کو اللہ ہی پر بھروسا

الۡمُؤۡمِنُوۡنَ ﴿۱۱﴾ وَمَا لَنَآ اَلَّا نَتَوَكَّلَ عَلَى اللّٰهِ وَقَدۡ هَدٰٮنَا

چاہیے ف۱ اور ہمیں کیا ہوا کہ اللہ پر بھروسا نہ کریں ف۲ اُس نے تو ہماری راہیں ہمیں

سُبُلَنَا ؕ وَلَنَصۡبِرَنَّ عَلٰى مَاۤ اٰذَيۡتُمُوۡنَا ؕ وَعَلَى اللّٰهِ فَلۡيَتَوَكَّلِ

دکھا دیں ف۳ اور تم جو ہمیں ستا رہے ہو ہم ضرور اس پر صبر کریں گے اور بھروسا کرنے والوں کو اللہ ہی پر

ع ۶ ۱۴ الۡمُتَوَكِّلُوۡنَ ﴿۱۲﴾ وَقَالَ الَّذِيۡنَ كَفَرُوۡا لِرُسُلِهِمۡ لَنُخۡرِجَنَّكُمۡ

بھروسا چاہیے اور کافروں نے اپنے رسولوں سے کہا ہم ضرور تمہیں اپنی

مِّنۡ اَرۡضِنَاۤ اَوۡ لَتَعُوۡدُنَّ فِىۡ مِلَّتِنَا ؕ فَاَوۡحٰۤى اِلَيۡهِمۡ رَبُّهُمۡ

زمین ف۴ سے نکال دیں گے یا تم ہمارے دین پر ہو جاؤ تو انہیں ان کے رب نے

لَـنُهۡلِكَنَّ الظّٰلِمِيۡنَ ۙ﴿۱۳﴾ وَلَنُسۡكِنَنَّكُمُ الۡاَرۡضَ مِنۡۢ بَعۡدِهِمۡ

وحی بھیجی کہ ہم ضرور ان ظالموں کو ہلاک کریں گے اور ضرور ہم تم کو ان کے بعد زمین میں بسائیں گے ف۵

ذٰلِكَ لِمَنۡ خَافَ مَقَامِىۡ وَخَافَ وَعِيۡدِ ﴿۱۴﴾ وَاسۡتَفۡتَحُوۡا وَ

یہ اس کے لیے ہے جو ف۶ میرے حضور کھڑے ہونے سے ڈرے اور میں نے جو عذاب کا حکم سنایا ہے اس سے خوف

خَابَ كُلُّ جَبَّارٍ عَنِيۡدٍ ۙ﴿۱۵﴾ مِّنۡ وَّرَآٮِٕهٖ جَهَـنَّمُ وَيُسۡقٰى

کرے اور انہوں نے ف۷ فیصلہ مانگا اور ہر سرکش ہٹ دھرم نامراد ہوا ف۸ جہنم اس کے پیچھے لگی اور اسے پیپ کا

مِنۡ مَّآءٍ صَدِيۡدٍ ۙ﴿۱۶﴾ يَّتَجَرَّعُهٗ وَلَا يَكَادُ يُسِيۡغُهٗ وَيَاۡتِيۡهِ

پانی پلایا جائے گا بمشکل اس کا تھوڑا تھوڑا گھونٹ لے گا اور گلے سے نیچے اتارنے کی

الۡمَوۡتُ مِنۡ كُلِّ مَكَانٍ وَّمَا هُوَ بِمَيِّتٍ ؕ وَمِنۡ وَّرَآٮِٕهٖ عَذَابٌ

اُمید نہ ہو گی ف۹ اور اسے ہر طرف سے موت آئے گی اور مرے گا نہیں اور اس کے پیچھے ایک گاڑھا عذاب

غَلِيۡظٌ ﴿۱۷﴾ مَثَلُ الَّذِيۡنَ كَفَرُوۡا بِرَبِّهِمۡ اَعۡمَالُهُمۡ كَرَمَادِ

ف۱۰ اپنے رب سے منکروں کا حال ایسا ہے کہ ان کے کام ہیں ف۱۱

اۨشۡتَدَّتۡ بِهِ الرِّيۡحُ فِىۡ يَوۡمٍ عَاصِفٍ ؕ لَا يَقۡدِرُوۡنَ مِمَّا كَسَبُوۡا

جیسے راکھ کہ اس پر ہوا کا سخت جھونکا آیا آندھی کے دن میں ف۱۲ ساری کمائی میں سے کچھ ہاتھ نہ لگا



https://alislami.net

عَلٰى شَيْءٍ ۭ ذٰلِكَ هُوَ الضَّلٰلُ الْبَعِيْدُ ﴿١٨﴾ اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ خَلَقَ

یہی ہے دور کی گمراہی کیا تو نے نہ دیکھا کہ اللہ نے

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ بِالْحَقِّ ۭ اِنْ يَّشَاْ يُذْهِبْكُمْ وَيَاْتِ بِخَلْقٍ

آسمان و زمین حق کے ساتھ بنائے ف۱ اگر چاہے تو تمھیں لیجائے ف۲ اور ایک نئی مخلوق

جَدِيْدٍ ﴿١٩﴾ وَّمَا ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ بِعَزِيْزٍ ﴿٢٠﴾ وَبَرَزُوْا لِلّٰهِ جَمِيْعًا

لے آئے ف۳ اور یہ ف۴ اللہ پر کچھ دشوار نہیں اور سب اللہ کے حضور ف۵ علانیہ حاضر ہونگے

فَقَالَ الضُّعَفٰۗؤُا لِلَّذِيْنَ اسْتَكْبَرُوْٓا اِنَّا كُنَّا لَكُمْ تَبَعًا فَهَلْ

تو جو کمزور تھے ف۶ بڑائی والوں سے کہیں گے ف۷ ہم تمھارے تابع تھے کیا تم سے ہو سکتا ہے

اَنْتُمْ مُّغْنُوْنَ عَنَّا مِنْ عَذَابِ اللّٰهِ مِنْ شَيْءٍ ۭ قَالُوْا لَوْ هَدٰىنَا

کہ اللہ کے عذاب میں سے کچھ ہم پر سے ٹال دو ف۸ کہیں گے اللہ ہمیں ہدایت

اللّٰهُ لَهَدَيْنٰكُمْ ۭ سَوَاۗءٌ عَلَيْنَآ اَجَزِعْنَآ اَمْ صَبَرْنَا مَا لَنَا مِنْ

کرتا تو ہم تمھیں کرتے ف۹ ہم پر ایک سا ہے چاہے بیقراری کریں یا صبر سے رہیں ہمیں کہیں

مَّحِيْصٍ ﴿٢١﴾ وَقَالَ الشَّيْطٰنُ لَمَّا قُضِيَ الْاَمْرُ اِنَّ اللّٰهَ وَعَدَكُمْ ع ۳ ۱۵

پناہ نہیں اور شیطان کہے گا جب فیصلہ ہو چکے گا ف۱۰ بیشک اللہ نے تم کو سچا وعدہ دیا تھا

وَعْدَ الْحَقِّ وَوَعَدْتُّكُمْ فَاَخْلَفْتُكُمْ ۭ وَمَا كَانَ لِيَ عَلَيْكُمْ مِّنْ

ف۱۱ اور میں نے جو تم کو وعدہ دیا تھا ف۱۲ وہ میں نے تم سے جھوٹا کیا اور میرا تم پر کچھ قابو

سُلْطٰنٍ اِلَّآ اَنْ دَعَوْتُكُمْ فَاسْتَجَبْتُمْ لِيْ ۚ فَلَا تَلُوْمُوْنِيْ وَلُوْمُوْٓا

نہ تھا ف۱۳ مگر یہی کہ میں نے تم کو ف۱۴ بلایا تم نے میری مان لی ف۱۵ تو اب مجھ پر الزام نہ رکھو ف۱۶ خود اپنے

اَنْفُسَكُمْ ۭ مَآ اَنَا بِمُصْرِخِكُمْ وَمَآ اَنْتُمْ بِمُصْرِخِيَّ ۭ اِنِّىْ كَفَرْتُ بِمَآ

اوپر الزام رکھو نہ میں تمھاری فریاد کو پہنچ سکوں نہ تم میری فریاد کو پہنچ سکو وہ جو پہلے تم نے مجھے

اَشْرَكْتُمُوْنِ مِنْ قَبْلُ ۭ اِنَّ الظّٰلِمِيْنَ لَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿٢٢﴾

شریک ٹھہرایا تھا ف۱۷ میں اس سے سخت بیزار ہوں بے شک ظالموں کے لیے دردناک عذاب ہے

وَاُدْخِلَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ

اور وہ جو ایمان لائے اور اچھے کام کیے وہ باغوں میں داخل کیے جائیں گے



https://alislami.net

تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا بِاِذْنِ رَبِّهِمْ ۭ تَحِيَّتُهُمْ فِيْهَا سَلٰمٌ ﴿٢٣﴾

جنکے نیچے نہریں رواں ہمیشہ اُن میں رہیں اپنے رب کے حکم سے اسمیں اُنکے ملتے وقت کا اکرام سلام ہے ف

اَلَمْ تَرَ كَيْفَ ضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا كَلِمَةً طَيِّبَةً كَشَجَرَةٍ طَيِّبَةٍ اَصْلُهَا

کیا تم نے نہ دیکھا اللہ نے کیسی مثال بیان فرمائی پاکیزہ بات کی ف۲ جیسے پاکیزہ درخت جس کی جڑ

ثَابِتٌ وَّفَرْعُهَا فِي السَّمَاۗءِ ۙ تُؤْتِيْٓ اُكُلَهَا كُلَّ حِيْنٍۢ بِاِذْنِ

قائم اور شاخیں آسمان میں ہر وقت اپنا پھل دیتا ہے اپنے رب کے حکم سے

رَبِّهَا ۭ وَيَضْرِبُ اللّٰهُ الْاَمْثَالَ لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ يَتَذَكَّرُوْنَ ﴿٢٥﴾

ف۳ اور اللہ لوگوں کے لیے مثالیں بیان فرماتا ہے کہ کہیں وہ سمجھیں ف۴

وَمَثَلُ كَلِمَةٍ خَبِيْثَةٍ كَشَجَرَةٍ خَبِيْثَةِۨ اجْتُثَّتْ مِنْ فَوْقِ

اور گندی بات ف۵ کی مثال جیسے ایک گندہ پیڑ ف۶ کہ زمین کے اوپر سے کاٹ دیا گیا

الْاَرْضِ مَا لَهَا مِنْ قَرَارٍ ﴿٢٦﴾ يُثَبِّتُ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِالْقَوْلِ

اب اسے کوئی قیام نہیں ف۷ اللہ ثابت رکھتا ہے ایمان والوں کو حق بات ف۸

الثَّابِتِ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَفِي الْاٰخِرَةِ ۚ وَيُضِلُّ اللّٰهُ الظّٰلِمِيْنَ

پر دنیا کی زندگی میں ف۹ اور آخرت میں ف۱۰ اور اللہ ظالموں کو گمراہ کرتا ہے ف۱۱

وَيَفْعَلُ اللّٰهُ مَا يَشَاۗءُ ﴿٢٧﴾ اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ بَدَّلُوْا نِعْمَتَ ع ٦ / ١٦

اور اللہ جو چاہے کرے کیا تم نے اُنھیں نہ دیکھا جنھوں نے اللہ کی نعمت ناشکری سے

اللّٰهِ كُفْرًا وَّاَحَلُّوْا قَوْمَهُمْ دَارَ الْبَوَارِ ﴿٢٨﴾ جَهَنَّمَ ۚ يَصْلَوْنَهَا ۭ وَ

بدل دی ف۱۲ اور اپنی قوم کو تباہی کے گھر لا اُتارا وہ جو دوزخ ہے اسکے اندر جائینگے اور

بِئْسَ الْقَرَارُ ﴿٢٩﴾ وَجَعَلُوْا لِلّٰهِ اَنْدَادًا لِّيُضِلُّوْا عَنْ سَبِيْلِهٖ ۭ

کیا ہی بری ٹھہرنے کی جگہ اور اللہ کے لیے برابر والے ٹھہرائے ف۱۳ کہ اسکی راہ سے بہکا دیں

قُلْ تَمَتَّعُوْا فَاِنَّ مَصِيْرَكُمْ اِلَى النَّارِ ﴿٣٠﴾ قُلْ لِّعِبَادِيَ الَّذِيْنَ

تم فرماؤ ف۱۴ کچھ برت لو کہ تمھارا انجام آگ ہے ف۱۵ میرے ان بندوں سے فرماؤ

اٰمَنُوْا يُقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَيُنْفِقُوْا مِمَّا رَزَقْنٰهُمْ سِرًّا وَّعَلَانِيَةً

جو ایمان لائے کہ نماز قائم رکھیں اور ہمارے دیے میں سے کچھ ہماری راہ میں چھپے اور ظاہر خرچ کریں



https://alislami.net

مِنْ قَبْلِ اَنْ يَّاْتِيَ يَوْمٌ لَّا بَيْعٌ فِيْهِ وَلَا خِلٰلٌ ﴿۳۱﴾ اَللّٰهُ الَّذِيْ
اس دن کے آنے سے پہلے جس میں نہ سوداگری ہوگی ف۱ نہ یارانہ ف۲ اللہ ہے جس نے

خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَاَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً فَاَخْرَجَ بِهٖ
آسمان اور زمین بنائے اور آسمان سے پانی اُتارا تو اس سے کچھ پھل

مِنَ الثَّمَرٰتِ رِزْقًا لَّكُمْ ۚ وَسَخَّرَ لَكُمُ الْفُلْكَ لِتَجْرِيَ فِي الْبَحْرِ بِاَمْرِهٖ ۚ
تمہارے کھانے کو پیدا کیے اور تمہارے لیے کشتی کو مسخر کیا کہ اُس کے حکم سے دریا میں چلے ف۳

وَسَخَّرَ لَكُمُ الْاَنْهٰرَ ﴿۳۲﴾ وَسَخَّرَ لَكُمُ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ دَآئِبَيْنِ ۚ وَ
اور تمہارے لیے ندیاں مسخر کیں ف۴ اور تمہارے لیے سورج اور چاند مسخر کیے جو برابر چل رہے ہیں ف۵ اور

سَخَّرَ لَكُمُ الَّيْلَ وَالنَّهَارَ ﴿۳۳﴾ وَاٰتٰىكُمْ مِّنْ كُلِّ مَا سَاَلْتُمُوْهُ ؕ وَ
تمہارے لیے رات اور دن مسخر کیے ف۶ اور تمہیں بہت کچھ منہ مانگا دیا اور

اِنْ تَعُدُّوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ لَا تُحْصُوْهَا ؕ اِنَّ الْاِنْسَانَ لَظَلُوْمٌ كَفَّارٌ ﴿۳۴﴾ ع ۵ ۱۷
اگر اللہ کی نعمتیں گنو تو شمار نہ کر سکو گے بیشک آدمی بڑا ظالم بڑا ناشکرا ہے ف۷

وَاِذْ قَالَ اِبْرٰهِيْمُ رَبِّ اجْعَلْ هٰذَا الْبَلَدَ اٰمِنًا وَّاجْنُبْنِيْ وَ
اور یاد کرو جب ابراہیم نے عرض کی اے میرے رب اس شہر ف۸ کو امان والا کردے ف۹ اور مجھے اور

بَنِيَّ اَنْ نَّعْبُدَ الْاَصْنَامَ ﴿۳۵﴾ رَبِّ اِنَّهُنَّ اَضْلَلْنَ كَثِيْرًا
میرے بیٹوں کو بتوں کے پوجنے سے بچا ف۱۰ اے میرے رب بیشک بتوں نے بہت لوگ بہکا دیے

مِّنَ النَّاسِ ۚ فَمَنْ تَبِعَنِيْ فَاِنَّهٗ مِنِّيْ ۚ وَمَنْ عَصَانِيْ فَاِنَّكَ
ف۱۱ تو جس نے میرا ساتھ دیا ف۱۲ وہ تو میرا ہے اور جس نے میرا کہا نہ مانا تو بیشک تو

غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۳۶﴾ رَبَّنَآ اِنِّيْ اَسْكَنْتُ مِنْ ذُرِّيَّتِيْ بِوَادٍ غَيْرِ ذِيْ
بخشنے والا مہربان ہے ف۱۳ اے میرے رب میں نے اپنی کچھ اولاد ایک نالے میں بسائی جس میں

زَرْعٍ عِنْدَ بَيْتِكَ الْمُحَرَّمِ ۙ رَبَّنَا لِيُقِيْمُوا الصَّلٰوةَ فَاجْعَلْ
کھیتی نہیں ہوتی تیرے حرمت والے گھر کے پاس ف۱۴ اے ہمارے رب اس لیے کہ وہ ف۱۵ نماز قائم رکھیں تو تو

اَفْـِٕدَةً مِّنَ النَّاسِ تَهْوِيْٓ اِلَيْهِمْ وَارْزُقْهُمْ مِّنَ الثَّمَرٰتِ
لوگوں کے کچھ دل اُن کی طرف مائل کردے ف۱۶ اور اُنہیں کچھ پھل کھانے کو دے ف۱۷



https://alislami.net

لَعَلَّهُمْ يَشْكُرُوْنَ ﴿۳۷﴾ رَبَّنَآ اِنَّكَ تَعْلَمُ مَا نُخْفِيْ وَمَا نُعْلِنُ وَمَا
شاید وہ احسان مانیں اے ہمارے رب تو جانتا ہے جو ہم چھپاتے ہیں اور جو ظاہر کرتے اور

يَخْفٰى عَلَى اللّٰهِ مِنْ شَيْءٍ فِي الْاَرْضِ وَلَا فِي السَّمَآءِ ﴿۳۸﴾ اَلْحَمْدُ
اللہ پر کچھ چھپا نہیں زمین میں اور نہ آسمان میں ف۱ سب خوبیاں

لِلّٰهِ الَّذِيْ وَهَبَ لِيْ عَلَى الْكِبَرِ اِسْمٰعِيْلَ وَاِسْحٰقَ ط اِنَّ
اللہ کو جس نے مجھے بڑھاپے میں اسمٰعیل و اسحٰق دئیے بیشک

رَبِّيْ لَسَمِيْعُ الدُّعَآءِ ﴿۳۹﴾ رَبِّ اجْعَلْنِيْ مُقِيْمَ الصَّلٰوةِ وَمِنْ
میرا رب دعا سننے والا ہے اے میرے رب مجھے نماز کا قائم کرنے والا رکھ اور کچھ

ذُرِّيَّتِيْ صلے رَبَّنَا وَتَقَبَّلْ دُعَآءِ ﴿۴۰﴾ رَبَّنَا اغْفِرْ لِيْ وَلِوَالِدَيَّ وَ
میری اولاد کو ف۲ اے ہمارے رب اور میری دعا سن لے اے ہمارے رب مجھے بخش دے اور میرے ماں باپ کو

ع ۶ ۱۸ لِلْمُؤْمِنِيْنَ يَوْمَ يَقُوْمُ الْحِسَابُ ﴿۴۱﴾ وَلَا تَحْسَبَنَّ اللّٰهَ غَافِلًا
ف۳ اور سب مسلمانوں کو جس دن حساب قائم ہوگا اور ہرگز اللہ کو بے خبر نہ جاننا

عَمَّا يَعْمَلُ الظّٰلِمُوْنَ ط اِنَّمَا يُؤَخِّرُهُمْ لِيَوْمٍ تَشْخَصُ فِيْهِ
ظالموں کے کام سے ف۴ انہیں ڈھیل نہیں دے رہا ہے مگر ایسے دن کے لیے جس میں

الْاَبْصَارُ ﴿۴۲﴾ مُهْطِعِيْنَ مُقْنِعِيْ رُءُوْسِهِمْ لَا يَرْتَدُّ اِلَيْهِمْ
ف۵ آنکھیں کھلی کی کھلی رہ جائیں گی بے تحاشا دوڑتے نکلیں گے ف۶ اپنے سر اٹھائے ہوئے کہ ان کی پلک ان کی طرف لوٹتی

طَرْفُهُمْ ج وَاَفْـِٕدَتُهُمْ هَوَآءٌ ﴿۴۳﴾ وَاَنْذِرِ النَّاسَ يَوْمَ يَاْتِيْهِمُ
نہیں ف۷ اور ان کے دلوں میں کچھ سکت نہ ہوگی ف۸ اور لوگوں کو اس دن سے ڈراؤ ف۹ جب ان پر

الْعَذَابُ فَيَقُوْلُ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا رَبَّنَآ اَخِّرْنَآ اِلٰٓى اَجَلٍ قَرِيْبٍ
عذاب آئے گا تو ظالم ف۱۰ کہیں گے اے ہمارے رب تھوڑی دیر ہمیں ف۱۱ مہلت دے کہ ہم تیرا

نُّجِبْ دَعْوَتَكَ وَنَتَّبِعِ الرُّسُلَ ط اَوَلَمْ تَكُوْنُوْٓا اَقْسَمْتُمْ مِّنْ قَبْلُ
بلانا مانیں ف۱۲ اور رسولوں کی غلامی کریں ف۱۳ تو کیا تم پہلے ف۱۴ قسم نہ کھاچکے تھے کہ ہمیں

مَا لَكُمْ مِّنْ زَوَالٍ ﴿۴۴﴾ وَّسَكَنْتُمْ فِيْ مَسٰكِنِ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْٓا
دنیا سے کہیں ہٹ کر جانا نہیں ف۱۵ اور تم ان کے گھروں میں بسے جنہوں نے اپنا برا کیا تھا ف۱۶



https://alislami.net

أَنفُسَهُمْ وَتَبَيَّنَ لَكُمْ كَيْفَ فَعَلْنَا بِهِمْ وَضَرَبْنَا لَكُمُ الْأَمْثَالَ ﴿٤٥﴾ وَ

اور تم پر خوب کھل گیا ہم نے انکے ساتھ کیسا کیا ف۱ اور ہم نے تمہیں مثالیں دے دیکر بتا دیا ف۲ اور

قَدْ مَكَرُوا مَكْرَهُمْ وَعِندَ اللَّهِ مَكْرُهُمْ وَإِن كَانَ مَكْرُهُمْ

بیشک وہ ف۳ اپنا سا داؤں چلے ف۴ اور انکا داؤں اللہ کے قابو میں ہے اور اُن کا داؤں کچھ ایسا نہ تھا

لِتَزُولَ مِنْهُ الْجِبَالُ ﴿٤٦﴾ فَلَا تَحْسَبَنَّ اللَّهَ مُخْلِفَ وَعْدِهِ رُسُلَهُ

جس سے یہ پہاڑ ٹل جائیں ف۵ تو ہرگز خیال نہ کرنا کہ اللہ اپنے رسولوں سے وعدہ خلاف کریگا ف۶

إِنَّ اللَّهَ عَزِيزٌ ذُو انتِقَامٍ ﴿٤٧﴾ يَوْمَ تُبَدَّلُ الْأَرْضُ غَيْرَ

بیشک اللہ غالب ہے بدلا لینے والا جس دن ف۷ بدل دی جائے گی زمین اس زمین کے سوا

الْأَرْضِ وَالسَّمَاوَاتُ وَبَرَزُوا لِلَّهِ الْوَاحِدِ الْقَهَّارِ ﴿٤٨﴾ وَتَرَى

اور آسمان ف۸ اور لوگ سب نکل کھڑے ہونگے ف۹ ایک اللہ کے سامنے جو سب پر غالب ہے اور اس دن

الْمُجْرِمِينَ يَوْمَئِذٍ مُّقَرَّنِينَ فِي الْأَصْفَادِ ﴿٤٩﴾ سَرَابِيلُهُم مِّن

تم مجرموں ف۱۰ کو دیکھو گے کہ بیڑیوں میں ایک دوسرے سے جڑے ہونگے ف۱۱ اُن کے کرتے رال کے ہونگے

قَطِرَانٍ وَتَغْشَىٰ وُجُوهَهُمُ النَّارُ ﴿٥٠﴾ لِيَجْزِيَ اللَّهُ كُلَّ نَفْسٍ مَّا

ف۱۲ اور اُن کے چہرے آگ ڈھانپ لے گی اس لیے کہ اللہ ہر جان کو اس کی کمائی کا بدلا دے

كَسَبَتْ إِنَّ اللَّهَ سَرِيعُ الْحِسَابِ ﴿٥١﴾ هَٰذَا بَلَاغٌ لِّلنَّاسِ وَلِيُنذَرُوا بِهِ

بیشک اللہ کو حساب کرتے کچھ دیر نہیں لگتی یہ ف۱۳ لوگوں کو حکم پہنچانا ہے اور اس لیے کہ وہ اس سے

وَلِيَعْلَمُوا أَنَّمَا هُوَ إِلَٰهٌ وَاحِدٌ وَلِيَذَّكَّرَ أُولُو الْأَلْبَابِ ﴿٥٢﴾ ع ۱۱ ۱۹

ڈرائے جائیں اور اس لیے کہ وہ جان لیں کہ وہ ایک ہی معبود ہے ف۱۴ اور اس لیے کہ عقل والے نصیحت مانیں

## سورة الحجر مكية وهي تسع وتسعون آية وست ركوعات

سورہ حجر مکی ہے اس میں ۹۹ آیتیں اور ۶ رکوع ہیں۔

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بہت مہربان رحم والا ف۱

الر ۚ تِلْكَ آيَاتُ الْكِتَابِ وَقُرْآنٍ مُّبِينٍ ﴿١﴾

یہ آیتیں ہیں کتاب اور روشن قرآن کی



https://alislami.net